فالنامہ سلیمانی

12



Scanned by CamScanner

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

مجموعہ

فالنامہ سلیمانی

اس کتاب میں

نامور بزرگانِ دین، صوفیائے عظام اور اولیائے کرام کے آزمائے ہوئے مشہور و معروف فالنامے درج ہیں۔

مؤلفہ:- منجّم و جفّار جناب عبدالخالق صاحب

پبلشر

نیو سلور بک ایجنسی

بھنڈی بازار - بمبئی ۳

Scanned by CamScanner

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	نقشہ ایام سعد نحس	۳
۲	لاثانی فالنامہ	۴
۳	فالنامہ وقت حمل لڑکا یا لڑکی دیکھنے کیلئے	۹
۴	فالنامہ حضرت حافظ شیرازیؒ	۱۰
۵	فالنامہ بحساب ابجد	۱۰
۶	بدن کے کالے تل کی تشریح	۱۳
۷	کیا خوب شب قدر کو مکشوف کیا ہے	۱۴
۸	بچوں کے نام رکھنے کا قاعدہ	۱۴
۹	چور کا نام نکالنے کی ترکیب	۱۷
۱۰	فالنامہ بیماری	۱۸
۱۱	فالنامہ حمل زنان	۱۸
۱۲	شگون سعد و نحس چھپکلی	۱۹
۱۳	بیان اعضاء کے پھڑکنے کا	۲۰
۱۴	بیان شگون آواز مرغ	۲۳
۱۵	سبھا میں چور معلوم کرنا	۲۸
۱۶	فالنامہ متعلق شگون	۲۹
۱۷	فالنامہ حضرت لقمانؑ	۳۸
۱۸	دیگر فالنامہ حافظ شیرازیؒ	۴۱
۱۹	فالنامہ حضرت یحییٰ منیریؒ	۴۲
۲۰	بیان خواص آواز چھینک	۴۵
۲۱	ساعت نامہ	۴۸
۲۲	جدول دریافت طالع	۵۱
۲۳	طریقہ دریافت حال عورت حاملہ	۵۳
۲۴	فالنامہ ولادت	۵۳
۲۵	نقشہ راس	۵۴
۲۶	نچھتر کی برآمد کا قاعدہ	۵۷
۲۷	نقشہ ایام نچھتر	۵۸
۲۸	ہاتھ دیکھنے کا قاعدہ	۵۹
۲۹	نیا اور عمدہ فالنامہ	۶۰
۳۰	سیاروں کی جسامت و رفتار	۶۳
۳۱	فالنامہ رمل	۶۷
۳۲	فالنامہ سیارگان	۷۶

Scanned by CamScanner

نقشہ ایّام سعد و نحس ہفتہ

روز	خواص ہائے
ہفتہ	خرید و فروخت مویشی بنائے عمارت تبدیل مکان غسل صحت کے لئے سعد ہے لیکن سفر کے لئے مضر ہے۔
اتوار	آغاز تعلیم آغاز کار آغاز ملازمت کے لئے سعد ہے مگر خرید و فروخت کے لئے نحس ہے۔
پیر	کسی بھی کام کے شروع کرنے کے لئے یہ دن مبارک ہے۔ سفر میں جانے کیلئے یوم سعد ہے، ہر کام جو اس روز کیا جائے گا پورا ہوگا البتہ بُرائی سے بچے رہنا ضروری ہے۔
منگل	خرید و فروخت کپڑا پاکیزگی غسل وغیرہ کیلئے سعد ہے لیکن سفر کیلئے نحس ہے
بدھ	رسم دعوت خرید و فروخت سواری کے لئے سعد ہے لیکن سفر کے لئے نحس ہے۔
جمعرات	اولاد کا نام رکھنے ڈالنے بناء عمارت تبدیل مقام خرید و فروخت و ملازمت کے لئے سعد مگر جنوب کے لئے سفر نحس ہے۔
جمعہ	تبدیل مکان حجامت اتحاد و آغاز کار وغیرہ کے لئے سعد ہے۔ لیکن خرید و فروخت کے لئے نحس ہے

Scanned by CamScanner

لاثانی فالنامہ

یہ فالنامہ بیسیوں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے اور نہایت صحیح کسی شکل یا کسی قسم کے خطرہ کے وقت مسلمان کو چاہیے کہ پہلے تین دفعہ سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر انگشتِ شہادت پر دم کر کے اللہ کو حاضر و ناظر جان کر انگلی کو نقش معظم کے کسی حرف پر رکھے اور دل میں مطلب کا خیال ہو، جس حرف پر انگلی پڑے ذیل میں اس کا مطلب تلاش کرے۔ جواب باصواب انشاء اللہ تعالیٰ صحیح ملے گا۔ دیگر مذاہب کے لوگ اپنے اپنے عقیدے کے مطابق خدا کو یاد کر کے ان حروف پر انگلی رکھ کے جواب دیکھیں۔

ا	ب	ج	د
ھ	و	ز	ح
ط	ی	ک	ل
م	ن	س	ع
ف	ص	ق	ر
ش	ت	ث	خ
ذ	ض	ظ	غ

(۱) فال نیک ہے کسی سے ملنے کی خواہش ہے یا کسی چیز کی تلاش ہے۔ کامیابی کے آثار ہیں۔ ناامید نہ ہو نشانی مانگتے ہو دیکھو تمہاری بائیں آنکھ سُرخ ہے

(ب) فال اچھی نہیں اگر بیماری کا سوال ہے تو مریض مرجائے یا دیر میں صحت ہوگی سفر کا سوال ہے تو نقصان ہوگا۔ بعد چار مہینے کامیابی یقینی ہے۔

(ج) اس کام کی ابتدا میں بہت مشکلات ہیں دشمنوں سے شکست کھاؤ گے جو ارادہ تمہارے دل میں ہے اس کے پورا ہونے کی امید نہیں۔ تمہارا مستقبل نہایت شاندار ہے مگر ابھی وقت اچھا نہیں ہے۔

(د) تمہارا ستارہ گردش سے نکل چکا ہے۔ کامیابی کے آثار پیدا ہو چکے ہیں۔ نشانی چاہتے ہو تو یہ ہے کہ تم نے آج کسی خوبصورت چیز کو دیکھا ہے۔

(ہ) بہت اچھی فال ہے ہر کام میں کامیابی کے آثار ہیں جو ارادہ ہے پورا ہوگا۔ مقدمہ ہے تو فتح، بیماری ہو تو شفا، سفر ہے تو مبارک، تمہارا ایک دشمن دوست کے لباس میں ہے اس سے بچتے رہو۔

(و) جلد شادی ہوگی۔ تمہارے گھر میں دکھن کے کونے میں ایک سانپ ہے اس کو مارنا نہیں ورنہ نقصان ہوگا۔ وہاں کچھ دفینہ بھی ہے۔ مگر ملنے والا نہیں۔

(ز) عنقریب تم کسی بڑے امتحان میں کامیاب ہوگے۔ جس کی وجہ سے تم کو اعلیٰ ترقی ملنے والی ہے۔ فال نیک ہے۔ اور جو مقصد تمہارا ہے کامیابی ہوگی۔

Scanned by CamScanner

(ح) خبردار کسی پر بھروسہ مت کرنا۔ تمہارے ظاہری دوست باطن میں دشمن ہیں تھوڑے دن صبر کرو۔ نشان یہ ہے کہ تمہارے سر میں آج سخت درد ہے۔

(ط) غفلت مت کرو وقت ہوشیاری کا ہے۔ تمہاری کامیابی کا وقت قریب ہو چکا ہے۔ ایک مہینہ آٹھ دن اور نحوست کے باقی ہیں۔ اس کے بعد تمہاری کامیابی یقینی ہے۔ نشانی چاہتے ہو تو تمہارے داہنے ہاتھ میں کوئی شئے رکھی ہے۔

(ی) ابھی ٹھہرو زمانہ موافق نہیں۔ جس پر امید ہے قابلِ اعتماد نہیں نہ فی الحال تجارت میں کامیابی کی امید ہے۔ چار مہینہ سات دن اور تم پر سخت ہیں اس کے بعد کامیابی ہے۔

(ك) جلدی نہ کرو ایک ماہ بعد کامیابی یقینی ہے بگڑے کام بن جائیں گے۔ نشانی یہ ہے کہ تم نے آج کسی سے جھگڑا کیا ہے یا کہیں سفر پہ جانے والے ہو۔

(ل) سفر میں نقصان ہے، ملازمت جلد ملنے والی ہے، خوشی ہوگی۔ تمہارے ہر سوال کا جواب اس فال میں ہے۔ نشانی یہ ہے کہ تم اس وقت غمگین ہو۔

(م) تم کو بیماری نہیں ہے کوئی آسیب ہے۔ روحانی علاج کراؤ، تم کو کوئی اچانک نقصان ہونے والا ہے۔ جس سے جان کا بھی خطرہ ہے۔ مسلمان ہو تو غوثِ پاکؒ کی نیاز کراؤ غیر مسلم ہو تو سادھو کو روٹی کھلاؤ فائدہ ہوگا۔

Scanned by CamScanner

(ن) تم کو عنقریب ہی کسی حاکم سے نفع ہونے والا ہے جس کو تم چاہتے ہو جلدی ملنے والا ہے تین پیسے کا تیل مسجد کے چراغ میں ڈالدو۔

(س) فال نہایت اچھی ہے۔ جس کو چاہتے ہو ملے گا۔ تم اپنے مقصد میں جلد کامیاب ہونے والے ہو نشانی یہ ہے کہ تمہارے سینے پر تل ہے۔

(ع) اللہ کا نام لے کر تیار ہو جاؤ کامیابی تمہارا انتظار کر رہی ہے مگر دشمنوں سے ہوشیار رہو۔ تمہاری تاک میں ۔ نشانی یہ ہے کہ تمہاری کمر میں درد ہے

(ف) فی الحال دن اچھے نہیں۔ تمہارا ستارہ گردش میں ہے۔ صبر کرو اللہ پر بھروسہ رکھو۔ نشانی یہ ہے کہ آج صبح ہی کوّا دیکھا ہے۔

(ص) نہیں، نہیں ایسا خیال دل سے نکال دو، صبر کرو۔ تھوڑے ہی دن اور باقی ہیں۔ پھر سب بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے۔ دریافت کرتے ہو کب تک؟ دیکھو تم اس وقت کس سمت بیٹھے ہو اس سمت کے جتنے حروف ہوں بس اتنے ہی مہینے۔

(ق) فال نہایت معتبر ہے۔ لڑکا ہوگا۔ کاروبار میں نفع ہوگا جلد ہی کوئی خبر باہر سے آنے والی ہے۔ تمہاری پیشانی پر تل ہے۔

(ر) بھول کر ایسا خیال بھی دل میں نہ کرنا وقت نازک ہے ستارہ گردش

Scanned by CamScanner

سے نکل چکا ہے۔ صبر کرو۔ نشانی یہ ہے کہ تم کہیں سفر سے آرہے ہو۔

(ش) اللہ پر بھروسہ رکھو گھبرانے سے کچھ نہیں ہوتا، دشمن تمہارا کچھ نہیں کر سکتے صدقہ و خیرات کرو جو کچھ تم سے ہو سکے۔ نشانی یہ ہے کہ تمہارے بائیں بازو پہ تل ہے۔

(ت) وہ جھوٹا ہے اس کی باتوں میں مت آنا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔ جو قدم اٹھاؤ گے سوچ سمجھ کر اٹھاؤ دنیا بڑی مکر کی ہے۔ تمہارا مستقبل بہت شاندار ہے۔ پیشانی پر تل ہے۔

(ث) گھبراؤ نہیں صبر سے کام لو دل کی مضبوطی سے تمہارا ستارہ اس وقت نہایت ٹھیک چال سے چل رہا ہے امام ابو حنیفہؒ کے نام کی نیاز دلاؤ سب کام اسی پر ہو جائے گا۔ تمہارے داہنے ہاتھ میں قمر کا نشان ہے۔ غیر مسلم رام چندر کے نام کا دان دے۔

(خ) تم جس کو چاہتے ہو وہ تم سے منحرف ہے اس کا قابو میں آنا مشکل ہے اور کاموں کے لئے فال نیک ہے شادی جلد ہوگی تم کو امسال زر نقد حاصل ہوگا نشانی یہ ہے کہ ابھی ہنس رہے تھے۔

(ذ) تمہاری نحوست کے ابھی تین دن باقی ہیں۔ اس کے بعد تمہاری کامیابی ہے عنقریب غیب سے راحت و عزت کا دروازہ تم پہ کھلنے والا ہے۔ تمہارا مستقبل بہت اچھا ہے۔

Scanned by CamScanner

(ض) اس کام سے باز آؤ، ذلت ہوگی۔ تمہارا ستارہ نحوست میں ہے اسوقت تکلیف ہی تکلیف ہے صبر کرو۔ جلد ہی غیب سے انتظام ہونے والا ہے نشانی یہ ہے تمہاری ران میں تل ہے۔

(ظ) تمہاری کامیابی تمہارے استقلال پر منحصر ہے اس کام میں بے حد مشکلات کا سامنا ہوگا۔ استقلال کو ہاتھ سے نہ جانے دو، سفر کا سوال ہے تو صحت میں خطرہ ہے۔

(غ) فال نیک ہے۔ صبح و شام کامیابی ہے۔ روزگار جلد ملنے والا ہے۔ اگر بیمار ہو تو جلد شفا ہوگی۔ سفر کرو تو فائدہ رہے گا۔

فالنامہ واسطے اس امر کے کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی

بطریق ہندسہ چاہیئے کہ جس عورت کو حمل ہووے وہ اپنی آنکھ بند کرکے اس نقش پر انگلی رکھے پس معلوم کرے کہ اس نے کون سے ہندسے پر ہاتھ رکھا۔ اگر ایک ہندسے پر ہاتھ رکھے، واضح ہو کہ لڑکی ہوگی۔ اگر بر تقدیر دوسرے ہندسہ پر ہاتھ رکھے تو لڑکا ہوگا۔ اگر اسی طرح جفت کے ہندسہ پر انگشت رکھے تو لڑکا سمجھنا چاہیئے اور اگر طاق پر انگشت رکھے تو لڑکی ہوگی۔

	۶	۴	۳	
۲	۸	۰	۷	۱
۱۲	۱۴	۵	۱۵	۹
	۱۱	۱۳	۱۰	

Scanned by CamScanner

فالنامہ دیگر منقول حافظ شیرازیؒ

۵	۴	۱
۶	۳	۲
۰	۸	۷

جن صاحبوں کو اپنے مطلب دلی دریافت کرنا منظور ہو تو خانہ ہائے ہندسہ میں انگشتِ شہادت بصدق دل رکھ کر اشعار مرقومہ نقشہ سے مقصد قلبی دریافت کریں جو کچھ شدنی ہوگی مطابق مضمون کے اشعار سے راست راست معلوم ہو جائے گی نقش یہ ہے۔

۱۔ تُرا کارِ نیکو میسّر شود	کہ شاید مطالبِ تو در بر شود	فال نیک ہے۔
۲۔ دریں فال کارت بباید بدست	بدست و بدست و بدست و بدست	مراد دلی بر آوے۔
۳۔ دریں فال بیشک شدی بہرہ ور	ولیکن بدشواری سخت تر	مراد دلی بر آوے لیکن بدشواری
۴۔ باہستگی کار باشد درست	درست و درست و درست و درست	مراد دلی بر آوے لیکن موقف
۵۔ دریں فال تو روئے در ہم کنی	تو در ہم کنی و تو در ہم کنی	مراد دلی میں ممانعت ہے
۶۔ دریں فال تو شادمانی کنی	بفضل خدا کامرانی کنی	مرادِ دلی بشادکامی حاصل ہو
۷۔ تو یابی دریں فال مطلب شتاب	جواب ہمیں یا تو گویم جواب	مراد جلد بر آوے۔
۸۔ برآید دریں فال البتہ کام	ولیکن بخت تردّد تمام	مراد دلی بر آوے لیکن تردد ہے۔

فالنامہ بحساب ابجد
حالِ غیب کے دریافت کرنے میں

سوال :۔ اگر کوئی سوال کرے کہ آج میں سفر کو جاؤں فائدہ ہوگا یا نہیں سائل اور

نام دن کے عددوں کا لکھ کر دو سے طرح دے اگر ایک رہے تو فائدہ ہوگا، اگر دو رہے تو چوروں سے اذیت پہونچے گی، اگر کچھ نہ بچے تو صدقہ روٹی اور گوشت کا دے۔

دیگر:۔ اگر سائل پوچھے کہ درمیاں بیوی اور میاں کے محبت رہے گی یا نہیں لازم ہے کہ نام عورت اور مرد کے عدد جمع کر کے پنجگانہ طرح دے۔ اگر ایک یا تین یا پانچ بچیں تو درمیان ان کے محبت نہایت درجے کی رہے گی۔ اور کبھی ان دونوں کی جدائی میں چین نہ پڑے گا۔ اگر دو اور چار بچیں گے۔ تو چند روز میں قطع الفت ہو جائے یعنی میاں بیوی سے ناراض ہو جائے گا۔ لازم ہے کہ یہ صدقہ دے تاکہ رد ہو۔ نوچندی جمعرات کی شب کو بعد آٹھ بجے کے جو فقیر پہلے بولے اس کو دو پیسے دو گرہ ہلدی اور پاؤ بھر گڑ دیوے۔ انشاء اللہ پھر کبھی جدائی نہ ہوگی۔

سوال:۔ اگر کوئی پوچھے کہ فلاں عورت کے حمل سے کیا ہوگا چاہیے کہ نام سائل اور نام روز جمع کر کے تین طرح تقسیم کرے۔ اگر ایک بچے تو فرزند جنے گی اور اگر دو بچیں لڑکی ہوگی۔ اگر تین بچیں درد زیادہ ہوگا۔ اور دردزہ میں تکلیف ہوگی چاہیے کہ پاؤ بھر بکری کا گوشت چیلوں کو پیر کے روز کھلاوے۔

سوال:۔ اگر کوئی پوچھے کہ فلاں شخص دلی دوستی رکھتا ہے یا دشمنی۔ چاہیے کہ نام سائل کا اور اس کے دوست اور روز کے عدد نکال کر چار جگہ بانٹے۔ اگر ایک رہے تو دشمنی ہے۔ اور اگر دو رہیں تو دوست کامل ہے۔ اگر تین رہیں تو زبانی دوست اگر چار بچیں تو ظاہر میں دشمن باطن میں دوست ہے۔

سوال:۔ اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص مجھ سے دشمنی رکھتا ہے، فتح پائے گا یا نہیں۔ چاہیے کہ نام سائل اور اس روز کے عدد جمع کرے اور دو جگہ طرح دے۔ اگر ایک رہے، فتح پائے گا۔ اگر دو بچیں تو دشمن سے نہ لڑے کیونکہ فتح نہ پائے گا اگر کچھ نہ بچے تو صرف دشمن کے ضرب کا خطرہ ہے۔ چاہیے کہ منگل کے روز ایک مینا کو چھوڑ دے تاکہ

شر دشمن سے پناہ میں رہے۔

سوال:۔ اگر کوئی پوچھے کہ جس نے مال چرایا ہے عورت ہے یا مرد گھر کا آدمی ہے۔ یا محلہ کا یا غیر لازم ہے کہ نام سائل اور نام اس روز کا جس روز چوری ہوئی جمع کر کے پانچ سے طرح دے۔ اگر ایک بچے تو عورت ہے۔ اگر دو بچیں تو مرد ہے۔ اگر تین بچیں تو کوئی ہمسایہ ہے اگر چار بچیں تو چور گھر کا ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو چور غیر ہے۔

سوال:۔ اگر کوئی پوچھے کہ فلاں بیمار کب اچھا ہوگا۔ لازم ہے کہ نام بیمار اس روز کا جب کہ بیمار ہوا تھا جمع کر کے دیکھے اگر دو بچیں تو فضلِ الٰہی سے بہت جلد صحت پائے گا۔ کسی طرح کا خوف نہیں ہے اگر نہ بچے تو بیمار چند روز میں اچھا ہوگا۔ لیکن تکلیف اٹھائے گا۔ اگر ایک بچے تو بیماری سخت ہے، خوفِ جان ہے لیکن صدقہ دینے سے بلا دور ہو۔ صدقہ علی الصبح ہو۔ کوئی فقیر بولے اس کو دو پیسہ اور تیل اور ماش مریض پر سے صدقہ کر کے دیوے اور منگل کے روز چوراہے پر شب کو تین گرہ ہلدی آدھ پاؤ آٹا اور ایک نیبو مریض پر سے تصدق کر کے رکھ دے۔ انشاء اللہ بہت جلد صحت پائے گا۔

سوال:۔ اگر کوئی پوچھے کہ بیمار کو کیا بیماری ہے چاہیے کہ بیمار کا نام اور اس روز کے عدد کو جمع کر کے چار جگہ طرح دے۔ اگر ایک بچے تو بیماری سخت ہے جان بچنا محال ہے اگر دو بچیں تو بلغم اور خون کی شدت ہے تین بچیں تو بیماری سودے سے ہے۔ اگر چار بچیں تو کسی نے جادو کیا ہے۔

ا ۱	ب ۲	ج ۳	د ۴	ہ ۵	و ۶	ز ۷	ح ۸	ط ۹
ی ۱۰	ک ۲۰	ل ۳۰	م ۴۰	ن ۵۰	س ۶۰	ع ۷۰	ف ۸۰	ص ۹۰
ق ۱۰۰	ر ۲۰۰	ش ۳۰۰	ت ۴۰۰	ث ۵۰۰	خ ۶۰۰	ذ ۷۰۰	ض ۸۰۰	ظ ۹۰۰
غ ۱۰۰۰								

Scanned by CamScanner

عدد	آتشی	عدد	بادی	عدد	خاکی	عدد	آبی
۱	ا	۲	ب	۸	ج	۵۰۰	ث
۷۰۰	ذ	۴۰۰	ت	۶۰۰	خ	۳	ج
۳۰۰	ش	۹۰	ص	۴	د	۷	ز
۹	ط	۸۰۰	ض	۲۰۰	ر	۶۰	س
۸۰	ف	۵۰	ن	۷۰	ع	۹۰۰	ظ
۴۰	م	۶	و	۱۰۰۰	غ	۱۰۰	ق
۵	ہ	۱۰	ی	۳۰	ل	۲۰	ک

بدن کے کالے تل کی تشریح

اگر کسی کے سر میں خال سیاہ ہو تو وہ شخص ہر دل عزیز ہوگا۔ پیشانی پر اگر ابروئے راست پر تل ہو تو وہ پانی کا سفر آرام تمام کرے گا۔ اور ہمیشہ خوش دل رہے گا۔ اگر ابروؤں کے درمیان تل ہو تو تلوار چھری سے زخمی ہوگا۔ مگر اس میں جان کا خوف نہیں ہے۔ اگر درمیان زنخدان کے تل ہو تو وہ بیشک بخیل و خسیس ہوگا۔ اور رخسار پر یا درمیان پشت کے تل ہے تو علامت تونگری و ثروت کی ہے اور سینہ پر تل ہے تو علامت روزی کی ترقی کی ہے اور اگر تل بازوئے راست پر ہے تو اولاد کی کثرت کی علامت ہے۔ اگر تل پہلوئے راست پر یا کہنی پر ہے تو بہت خوبصورت عورت ملنے کی علامت ہے۔ اگر زیر ناف تل ہے تو علامت ذلت و خواری کی ہے اور اگر تل کف دست اور درمیان پستان کے ہے تو فلاح نصیب ہو پاؤں کا تل ادبار کی نشانی ہے۔

کیا خوب شبِ قدر کو مکشوف کیا ہے

حضرت خواجہ ابوالحسن صاحب خرقانیؒ قدس سرہٗ اپنے رسالے میں تحریر فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے اس حساب کو پایا ہے ہرگز شبِ قدر مجھ سے فوت نہ ہوئی چنانچہ وہ حساب یہ ہے کہ ماہِ رمضان شریف بروز شنبہ ہو تو شبِ قدر تیئیسویں کو ہوگی اور اگر یکشنبہ کو ہے تو شبِ قدر انتیسویں کو ہوگی۔ اور اگر دوشنبہ کو غرّہ ہے تو شبِ قدر اکیسویں کو ہوگی۔ اور غرّہ سہ شنبہ کو ہے تو شب قدر ستائیسویں کو ہوگی۔ اور اگر بروز چہار شنبہ ہے تو شبِ قدر بائیسویں کو ہوگی۔ اور غرّہ پنجشنبہ کو ہے تو شبِ قدر پچیسویں کو ہوگی اور غرّہ جمعہ کو ہے تو شبِ قدر ستائیسویں کو ہوگی۔

فقط : واللہ اعلم بالصّواب۔

بچّوں کے نام رکھنے کا قاعدہ

واضح ہو کہ اگر کسی صاحب کے گھر میں لڑکا یا لڑکی پیدا ہو تو اس کا نام رکھنے کے لئے ہفتے کے شب و روز میں جو جو نام ستاروں کے موافق نکلے ہیں وہی نام درج نقشہ ہٰذا کئے ہیں۔ اب چاہیے کہ جس رات میں لڑکا یا لڑکی پیدا ہو اسی دن رات جو مناسب وقت ہو رکھ لیں۔ نقشہ صفحہ آئندہ پر ہے۔ طریقہ بچوں کے نام رکھنے کا کتبِ معتبر سے لکھا ہے۔ اگر کچھ شبہ ہو تو رسالہ مقصود العالمین دیکھ لو۔

یہ خانے لڑکوں کے نام کے ہیں

جمعہ روز	جمعہ شب	پنجشنبہ روز	پنجشنبہ شب	چہارشنبہ روز	چہارشنبہ شب	سہ شنبہ روز	سہ شنبہ شب	دوشنبہ روز	دوشنبہ شب	یکشنبہ روز	یکشنبہ شب	شنبہ روز	شنبہ شب
محمد	محمد	محمود	ابوبکر	علی	لطیف	یعقوب	محمد	محمد	محمد	داؤد	عبداللطیف	عبداللطیف	علی
جعفر	احمد	علی	عمر	عثمان	زین الدین	علی	موسیٰ	احمد	احمد	قاسم	سلیمان	عبدالرحمٰن	عبداللہ
یونس	صادق	عباس	ابراہیم	عبداللہ	شرف الدین	یوسف	ہارون	عابد	عثمان	سلیمان	اسمٰعیل	عبدالغفور	حسن
حسین	اسمٰعیل	حسن	عبدالرحمٰن	حسن	عمر	قادر	ابراہیم	محمود	آدم	علی	ابوبکر	یوسف	ابراہیم
عباس	تقی	عباس	ادریس	حسین	تقی	سعید	اسحاق	طیب	حسن	عبداللہ	عمر	قاسم	یونس
موسیٰ	موسیٰ	ابراہیم	یونس	اسماعیل	عبدالستار	حسن	عبداللہ	طاہر	داود	عثمان	عبداللہ	علی	عبدالرحمٰن
الیاس	آدم	یوسف	یعقوب	ایوب	عبدالحیٔ	حسین	باقر	شعیب	عیسیٰ	داؤد	عثمان	یونس	داؤد
ابراہیم	جعفر	ادریس	محمود	داؤد	علی	ابوبکر	یعقوب	یعقوب	موسیٰ	موسیٰ	عبدالوہاب	عبدالکریم	
یوسف	یونس	عبداللہ	عبدالغفور	یوسف	عثمان	عمر	اسمٰعیل	شفیع	نوح	ایوب	محی الدین	عبدالرحیم	
ہارون	زکریا	عبدالرحمٰن	داؤد	زکریا		عثمان	ایوب	قاسم	ابراہیم	عیسیٰ	معین الدین	عبدالرزاق	
عبدالحیٔ	الیاس	عبدالکریم	عثمان	ابراہیم		علی	عبدالستار	عثمان	سعید	سعید	شفیع		
عبدالغنی	ابراہیم	عبدالغنی		ابوبکر		عبدالستار	آدم	حسین		عبدالستار	آدم		
اسحاق		عبدالشکور		عیسیٰ		عبدالقادر	سعید	عبداللہ			طاہر		
عثمان		ابوبکر									یوسف		

Scanned by CamScanner

یہ خانے لڑکیوں کے نام کے ہیں

شب شنبہ	روز جمعہ	شب جمعہ	روز پنجشنبہ	شب پنجشنبہ	روز چہارشنبہ	شب چہارشنبہ	روز سہ شنبہ	شب سہ شنبہ	روز دوشنبہ	شب دوشنبہ	روز یکشنبہ	شب یکشنبہ	روز شنبہ
مریم	ہاجرہ	جمیلہ	کلثوم	خدیجہ	عائشہ	میمونہ	حافظہ	عائشہ	فاطمہ	لطیفہ	آمنہ	آمنہ	مریم
لطیفہ	مریم	مریم	خدیجہ	لطیفہ	فاطمہ	عائشہ	کلثوم	آمنہ	آمنہ	فاطمہ	زینب	رابعہ	شریفہ
طاہرہ	فاطمہ	فاطمہ	مریم	جمیلہ	حبیبہ	لطیفہ	عزیزہ	خدیجہ	ام سلمہ	صابرہ	عائشہ	خدیجہ	زینب
صابرہ	خدیجہ	خدیجہ	حبیبہ	عابدہ	زینب	شریفہ	سلیمہ	کلثوم	حمیدہ	قمرالنساء	خدیجہ	عائشہ	کلثوم
حلیمہ	شمس النساء	حلیمہ	عائشہ	عزیزہ	مریم	حبیبہ	زہرہ	عفیفہ	طاہرہ	حبیبہ	میمونہ	فاطمہ	حنیفہ
عائشہ	عائشہ	عابدہ	عابدہ	مریم	رابعہ	مریم	رقیہ	صابرہ	عابدہ	شریفہ	زہرہ	رضیہ	صفیہ
عابدہ	صابرہ	نجم النساء	حلیمہ	آمنہ	مومنہ	عزیزہ	میمونہ	عزیزہ	زہرہ	قمرالنساء	ہاجرہ	زلیخا	نجم النساء
آمنہ	رابعہ	آمنہ	خیرالنساء	کلثوم	عزیزہ	رضیہ	حمیلہ	صابرہ	صفیہ	بدرالنساء	بدرالنساء	حلیمہ	ہاجرہ
عزیزہ	عزیزہ		فاطمہ	زلیخا	عزیزہ	جمیلہ	زینب	عائشہ	شمس النساء	رقیہ	شمس النساء	میمونہ	
خدیجہ	آمنہ			حلیمہ	میمونہ		فاطمہ	کلثوم	آمنہ	زلیخا	فاطمہ		
خیرالنساء	صابرہ			صابرہ	آمنہ				کلثوم		حلیمہ		
شریفہ	فاطمہ												
	رابعہ												

چور کا نام نکالنے کی ترکیب

۱۳۷۱۱

اس نقش کو لکھ کر درخت میں لٹکا دے چور حاضر ہوگا۔

دیگر:۔ ان حرفوں کو کاغذ پر زعفران و مشک سے لکھ کر زیر بالیں رکھیں۔ بفضلِ ربّ العزّت والشرق چور کی صورت خواب میں نظر آئے گی۔ حروف یہ ہیں۔ ہ ح عما ملا اصلح وصاح صبح۔ دیگر:۔ ان ناموں کو زعفران سے لکھ کر قرآن شریف میں رکھے۔ نام چور کا بر آوے گا۔ اور چور جب تک آپ کو مال نہ دے گا تب تک مبتلائے دردِ شکم رہے گا۔ وہ یہ ہیں۔

یا تمحشا احبار شرحا یا بسمحشا جمال الصّالحین

جو کچھ جواب خواہ صدا کان میں آوے اس وقت یہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ ذِکْرِ اللّٰہِ مِنْ ذِکْرِیْ۔

دیگر:۔ اس نقش کو بیضۂ سیاہ مرغ پر لکھ کر چولھے میں دفن کرے اور آتش ہر وقت چولھے میں موافق گرمی پہونچے کہ انڈے کے گرد موجود رکھے۔ چور جب تک تمہاری چیز نہ دے گا۔ یا اقبال نہ کرے گا۔ تب تک وہ مبتلائے رنج طرح بہ طرح رہے گا۔ اور بخار ہر دم موجود رہے گا۔

جو کچھ لے کر کوئی شخص بھاگ گیا تو یہ لکھ کر اَللّٰھُمَّ اجْمَعْ بَنِیْ وَسَمِعْفُ

اگر کپڑا اس کا ہے تو مہود المراد نہیں تو پرچہ کاغذ پر لکھ کر ۱۱۱ لھ لھ ن ۱۱۱۱۱ چرخہ کی مال پر باندھ کر اُلٹا چرخہ پھرائے اگر دور بھی ہو گیا ہو گا تو جلد واپس آوے گا طلسم یہ ہے۔

۲	۹	۴
۱۷	۷	۳
۶	۱۷	۸

۱۸۱ ۶ ۱۶۲۳ عم ۵ مصری ۱

فالنامہ بیماری

چاہیئے کہ سکورہ اوپر لکھ سکورہ دوسرا زبر سکورہ مذکور کے کوئلے جلا دے اور پھول و مٹھائی پر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ فاتحہ کرے جب کہ آگ سرد ہو جائے حروف سکورہ مذکورہ پر نگاہ کرے۔ اگر حروف سرخ ہو جائیں تو شیطان کا دخل ہے۔ اگر زرد ہوں تو نظر ہے اور اگر حروف غائب ہو جائیں تو سحر و جادو ہے۔ اگر حروف بجنسہٖ قائم رہیں تو بیماری ہے۔ حرف کورے سکورے میں لکھے۔

طلسم یہ ہے :- ۱۱۱۱۷ ۹۱۱۷۱ ۶۱۱ ۸۶۹ ۹۳ع ۵ ارہ کاط

فالنامہ حمل زنان میں

جب دریافت کرنا ہو کہ فلاں حاملہ لڑکا جنے گی یا دختر۔ چاہیئے کہ صدق دل سے اس فال پر انگلی رکھے جس خانہ پر انگلی آئے مطلب ذیل سے دریافت کرلے۔ حکم خدا سے معلوم ہو جائے گا۔

	زحل	
	قمر	
مریخ	مشتری	شمس
	زہرہ	
	عطارد	

شمس :- اگر شمس پر انگلی پڑے تو فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔ اور عمر دراز ہوگی۔

مشتری :- اے صاحب فال تجھ کو حق تعالیٰ فرزند عطا فرمائے گا چاہیئے کہ شکرِ خالق بجالائے یعنی دو شنبہ کو بھوکوں کو کھانا کھلائے۔

مریخ :- اے صاحب فال تجھ کو لڑکا عنایت ہوگا۔

قمر :- اے صاحبِ فال تجھ کو دختر نیک اختر عنایت ہوگی۔

زہرہ :- اے صاحبِ فال تجھ کو لڑکی عنایت ہوگی۔

Scanned by CamScanner

عطارد :- اے صاحبِ فال تجھ کو یہ فال نحس ہے لازم ہے کہ منگل کے روز بعد آٹھ بجے شب کے جو فقیر تیرے دروازے پر آوے اس کو کھانا کھلاوے اور اگر کچھ مانگے دیدے اور بدھ کو استنجا چوراہے پر رکھے تاکہ بلاؤں سے نجات پاوے۔

شگون سعد و نحس چھپکلی میں

اگر چھپکلی سر کے اوپر گرے تو دولت مندی و تندرستی کی نشانی ہے۔ کہیں سرداری ملے گی۔ نیک ہے۔

اگر چھپکلی سر کے سیدھے کی طرف گرے تو قبیلہ یا اہلِ خانہ کے واسطے بد ہے۔

اگر چھپکلی بائیں طرف سر کے گرے تو مال کا نقصان ہو اگر صاحبِ مال ہو تو زکوٰۃ دے ورنہ اسی دن کسی فقیر کو پاؤ بھر مونگ اور سیر بھر آٹا اور تین پیسے اور ایک کیل کوری اور سات کوریں دے۔

اگر چھپکلی مانگ کے اوپر گرے نحس ہے اور موت کی نشانی ہے کسی سے بدی پیش آنی ہے۔

اگر چھپکلی ناک پر گرے تو سخت لڑائی ہو۔ محلّہ والے سے برائی ہو نہایت نحس ہے

اگر چھپکلی بھوؤں پر گرے تو مال کا نقصان دولت کا زیان ہے کچھ صدقہ دے تو بلا ٹلے۔

اگر چھپکلی بائیں کان پر گرے تو تجارت میں فائدہ ہو کہیں سے مال مفت ملے۔

اگر چھپکلی ہونٹ پر گرے تو سخت برائی ہو، دشمن کی چڑھائی ہو۔

اگر چھپکلی گردن پر گرے تو دشمن کا خوف ہے۔

اگر چھپکلی گدے پر گرے تو دشمن پر فتح مندی حاصل ہو۔

اگر دونوں کہنیوں پر گرے تو زیان جان و مال کا ہے کچھ صدقہ دے۔

Scanned by CamScanner

اگر چھپکلی سینہ پر گرے تو خوشی حاصل ہو شاید مقصود سے واصل ہو بہت نیک ہے۔
اگر چھپکلی عورت کے پستان پر گرے تو خوشی حاصل ہو۔
اگر چھپکلی عورت کے بازو پر گرے تو نحس ہے۔
اگر چھپکلی ہاتھ کی انگلیوں پر گرے بہت اچھا ہے خبر تندرستی کی ہے۔
اگر چھپکلی کمر پر گرے تو تندرستی حاصل ہو۔
اگر چھپکلی پاؤں کی پشت پر گرے تو بہت خوشی ہو۔
اگر چھپکلی مسجد میں جماعت کے درمیان گرے تو خلق اور بادشاہ کو زیاں ہو۔
اگر چھپکلی کسی گھر میں دو چار شخص جو بڈھے ہوں ان کے درمیان گرے تو گھر والے کو نقصان ہو۔
اگر چھپکلی دونوں پاؤں کی انگلیوں اور انگوٹھوں پر گرے تو فرزند پیدا ہو خوشی و کامیابی ہو پیدا ہو۔

بیان پھڑکنے اعضاء کے منقسم اوپر سات بابوں کے

بعد حمد و صلوٰۃ کے واضح ہو کہ چند قاعدے بیچ بیان پھڑکنے اعضائے انسان کے بیاض قلمی منقول حکیم ارسطو سے کہ جب ایمائے سکندر ذوالقرنین کے تھے نظر فقیر سے گذرے واسطے پہونچنے خاص و عام کے ان قاعدوں کو اکٹھا کر کے سات بار ختم کیا۔ اور تحریر میں لاکر ہدیۂ شائقین کیا۔

اتنا جاننا چاہیئے کہ پھڑکنا بعضے اعضاء کا انسان کے حق میں اچھا اور بعض اعضاء کا بُرا ہوتا ہے۔ پس لازم ہے کہ جو عضو پھڑکنے کی تاثیر نیک یا بد ہو اس کا رسالہ میں معائنہ کرے۔ اور نیک ہے تو شکر خداوند کریم بجالائے۔ اور متوقع وقوع مژدۂ غیر کا رہے۔ اگر خدانخواستہ بُرا ہے تو توبہ و استغفار کرے عبادت

لیل و نہار کرے اور صدقہ رَدِّ بلا دے، تمام مصیبتیں کھوتا ہے۔ حدیث شریف سے ثابت ہے کہ کوئی چیز غضب اللہ سے نہیں بچاتی اِلّا صدقہ کہ اس سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے اور صدقہ دینے سے یہ مراد ہے کہ نقد یا چیز خوردنی یا کپڑے وغیرہ محتاج کو دے یا کھلائے یا چوراہے پر رکھ آئے۔

بابِ (۱) اوّل:- بیچ بیان پھڑکنے اعضائے سر کے، **بابِ (۲) دوم** بیچ بیان پھڑکنے اعضائے دست راست کے۔ **بابِ (۳) سوم**:- بیچ بیان پھڑکنے اعضائے دستِ چپ کے۔ **بابِ (۴) چہارم**:- بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پشت کے۔ **بابِ (۵) پنجم**:- بیچ بیان پھڑکنے اعضائے شکم۔ **بابِ (۶) ششم**:- بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پائے راست کے **بابِ (۷) ہفتم**:- بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پائے چپ کے۔

بابِ (۱) اول:- بیچ بیان پھڑکنے اعضائے سر کے۔ اگر میانہ سر پھڑکے جاہ و جلال ہو، حاصلِ مال و دولت ہو اور جانبِ راست پھڑکے ہر مُراد دلی بر آوے جو کچھ خداوند کریم سے چاہے وہی پاوے۔ اقبال غلام ہو، دولت و حشمت کثیر بے دام ہو، اگر جانبِ چپ سر پھڑکے نقصان بے حد ہو۔ نہایت بد ہو۔ اگر پیشانی پھڑکے سفر در پیش ہو، مگر نوکری ملے، تنخواہ بیش ہو۔ اگر گدی پھڑکے رنج پیش ہو۔ اگر گوش پھڑکے غیب سے فائدہ پائے اگر گوش چپ پھڑکے کوئی امر مکروہ پیش آئے۔ اگر نرمہ گوش راست پھڑکے معیشت کشادہ ہو کارِ خیر پر آمادہ ہو۔ اگر نرمہ گوش چپ پھڑکے نقصان بہت اٹھاوے۔ اگر ابروئے راست پھڑکے کہیں نہ کہیں نوکر ہو جائے اور اگر سوداگر ہے فائدہ کثیر اٹھاوے۔ اگر ابروئے چپ یا چشم پھڑکے ورثہ پاوے یا گرا پڑا روپیہ ہاتھ آئے۔ اگر میانہ دو ابرو پھڑکے فقیر ہو تو امیر ہو جائے تونگر ہے تو فقیر ہو جائے۔ اگر گردِ چشم چپ پھڑکے رنج ہو نقصان پیش آوے۔

عورت کے واسطے تو برعکس سمجھنا ضروری ہے ورنہ وقت امتحان کے فتور ہے۔ اگر اندرون چشم راست پھڑکے بدخصلت نیک ہو جائے۔ اگر چپ پھڑکے نیک بخت کہلائے اگر رخسارہ راست پھڑکے بیمار تندرست ہو جائے جو تندرست ہو ماندگی اٹھائے اگر رخسارہ چپ پھڑکے اعزاز وجاہ ہو۔ مقرب شاہ ہو اگر ناک از طرف راست پھڑکے نقصان پہونچے۔ اور سفر درپیش آوے۔ اگر از طرف چپ پھڑکے رنج پہنچے مگر دفع جلد ہو جائے اگر میانہ ناک پھڑکے علم میں کامل ہو اگر لب بالا پھڑکے مژدۂ نو حاصل ہو۔ اگر لب زیریں پھڑکے عزیز یا دوست مسافرت سے باز آئے حظ ملاقات اٹھائے۔ اگر لب پھڑکے دشمن سے مقابلہ ہو، نہایت مجادلہ ہو۔ اگر زنخدان پھڑکے کوئی عزیز یا دوست یاد کرے۔ اگر گلا پھڑکے غذائے لذیذ و عمدہ سے پیٹ بھرے۔

باب (۲) دوم:۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے دست راست کے۔ اگر بازو پھڑکے مرتبہ بزرگ پائے۔ اگر بغل پھڑکے دوست سے رنج اٹھائے۔ اگر کہنی پھڑکے بیماری سخت قریب ہو، اگر پشت دست پھڑکے دشمن پر فتح نصیب ہو۔ اگر انگلیاں پھڑکیں سفر درپیش آئے۔ مگر فائدہ اٹھائے۔

باب (۳) سوم:۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے دست چپ کے۔ اگر چپ پھڑکے دوست یا عزیز چھوٹے ہوئے سے ملاقات ہو۔ یا قرضے سے بے باکی ہو اگر بغل پھڑکے دولت بڑی پائے۔ مقرب بادشاہ ہو جائے۔ اگر انگلیاں پھڑکیں سفر پرخطر پیش آئے۔

باب (۴) چہارم:۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پشت اور شانہ کے۔ اگر پشت بطرف راست پھڑکے قدرے رنج کا سامنا ہو یا مرض میں مبتلا ہو اگر شانہ راست پھڑکے بادشاہ یا حاکم سے فائدہ اٹھائے اگر شانہ چپ پھڑکے۔

Scanned by CamScanner

عورت مالدار پائے۔

باب (۵) پنجم:۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے سینہ وشکم کے غم درپیش ہو اگر دل پھڑکے تو رنج واندیشہ پیش ہو۔ اگر جانب راست پھڑکے دولت پائے۔ اگر جانب چپ پھڑکے دشمن پر غالب ہو، نقارہ بجائے۔ اگر ناف پھڑکے مرض خفیف ہو جلد تخفیف ہو۔ اگر زیر ناف پھڑکے دوست سے صدمہ اٹھائے۔ بعدے چندے صفائی ہو جائے۔ اگر ران راست یا چپ پھڑکے صاحب جاہ و دولت یا مالک وملک حشمت ہو۔ اگر جسم نہانی پھڑکے سفر پیش آوے مگر کنیزک خوب صورت پائے۔ اگر بیضۂ راست یا چپ پھڑکے مردم خانہ سے رنج یا ملال ہو۔ یا کوئی مرض عائدِ حال ہو۔

باب (۶) ششم:۔ بیچ درمیان پھڑکنے اعضائے پائے راست کے اگر پائے راست پھڑکے یا سفر یا دولت یا ظفر پیش آئے۔ اگر سرین راست پھڑکے اندر سے ملال اٹھائے۔ مگر جلد دفع ہو جائے۔ اگر پنڈلی پھڑکے دوست، دشمن ہو۔ اگر کفِ پا پھڑکے سفر میں رنج ومحن ہو، اگر پشتِ پا پھڑکے عزّ وجاہ بڑھ جائے۔ اگر پشتِ انگشت پھڑکے روزی غیب سے پائے۔

باب (۷) ہفتم:۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پائے چپ کے۔ اگر پائے چپ پھڑکے عورت خوبصورت سے نکاح ہو، اگر چوتڑ پھڑکے مال ہاتھ آئے۔ فلاح ہو۔ اگر پنڈلی پھڑکے تو لد فرزند ہو سواری کو سمندر ہو۔ اگر ٹخنہ پھڑکے معرکۂ جنگ میں جائے اگر پشتِ پا پھڑکے دولت بے اندازہ پائے۔

بیان شگون آوازِ مرغ

اکثر منجمانِ ہند نے مرغ کی بانگ جو رات کو بے وقت دیتا ہے اس کا

Scanned by CamScanner

احوال نیک اور بد ہفتہ وار اس طرح بیان کئے ہیں کہ ہفتہ (سنیچر) کے روز مرغ شب کو جو آواز دے تو خبر مرتبہ اور بزرگی کی اور سلطنت پانے کی دیتا ہے۔ صاحب خانہ کو بہت نیک ہے۔

اگر اتوار کی شب کو بانگ دے تو خبر بیماری سخت کی دیتا ہے چاہیے علی الصبح کسی درویش کو وہ مرغ دیدے۔ تو ثواب بھی پاوے اور بیماری سے بچے۔ اگر پیر کی شب کو آواز دے تو خبر خوبی اور خوشی کی دیتا ہے۔ نیک ہے۔ اگر منگل کی شب کو آواز دے تو خبر نیک کی دیتا ہے۔ یعنی صاحب خانہ کے یہاں فرزند ہوگا۔ اگر بدھ کی شب کو آواز دے تو خبر بد ہے۔ یعنی میاں بیوی میں نہایت درجہ کی لڑائی ہوگی۔ اور بڑا فساد پھیلے گا۔ یہاں تک کہ ایک دوسرے کا دشمن ہو جائے گا۔ چاہیے کہ شب کو سفید کپڑا اور ایک کالا مرغ اور سات پھول کسی درویش کو اپنے اوپر سے صدقہ کرکے دیدے۔

جمعرات کی رات کو آواز دے تو خبر مرتبہ رفیع کی دیتا ہے۔ کسی سرکار میں صاحب خانہ مختار ہو جائے گا۔ یا کسی زمین دار سے فائدہ پائے گا۔ غرض یہ آواز بہت نیک ہے۔

اگر جمعہ کی شب کو مرغ آواز دے تو خبر مہمان کے آنے کی خبر خوش ہے یا کسی مہمان سے فائدہ پہونچے گا۔ اس طرح کل ہفتہ وار پورا مہینہ بھر کا حساب نکال لیا کرے۔ اور یہ آواز صاحب خانہ اور سننے والے کو اور جس گھر میں ہو وہاں سب لوگوں کو مفید اور مضر جو نیک ہے تو سب کو نیک ہے اور جو بد ہے وہ سب کو بد ہے۔ شگون آواز مرغ میں جاننا چاہیے کہ کوے کی آواز سولہ طرح کی ہوتی ہے ان آوازوں کے نام یہ ہیں۔

کوائیں	کروں	کروں	کیں	کیں	کوائیں	کریں
کراس	کراس	کراس	کواں	کواں	کریں	کریں

اوران سب آوازوں کے وقت جُدا جُدا ہیں۔ لیکن یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کونسی آواز کس وقت بولتا ہے۔ اس کی آسانی کے واسطے منجمان ہند نے وقت اور سمت دریافت کرکے یوں لکھا ہے کہ اگر ملاقات اوّل پہر میں مشرق کی طرف سے کوّا بولے یا مغرب کی طرف تو نیک ہے۔ کسی دوست سے ملاقات ہو اور چیز کھوگئی ہے وہ مل جائے یا کوئی عورت حسین ملے یا دشمن دفع ہو یا نفع حاصل ہو یا کوئی اور خوشی ہو یا بارش بہت شدّت سے ہو جس سے بہت فائدہ ہو۔ اگر شمال یا میانہ شمال میں اوّل پہر بولے یا جنوب کی طرف سے تو آگ لگے یا کسی طرح کی مصیبت آئے جس کام کو انسان جاتا ہے تو باز آئے اور لازم ہے کہ آواز کے سنتے ہی کچھ صدقہ دے۔

دوسرے پہر میں کوّا اگر مشرق کی طرف سے بولے تو گھر پہ مہمان آئے یا چوری ہو یا کسی طرح بے عزّتی ہو۔ یا کوئی شخص تہمت لگائے۔ غرضیکہ بدنامی ہو اگر مشرق یا مغرب کے درمیان میں بولے تو کسی سے لڑائی ہو اگر درمیان جنوب مغرب کے بولے تو بیمار کو تندرستی، تندرست کو بیماری پیدا ہو۔ اگر مغرب کی جانب بولے تو بیمار کو صحت ہو دوست سے ملاقات ہو یا خبر آوے۔ اگر مغرب اور شمال کے درمیان بولے تو چوری ہو، مال ضائع ہو یا کسی عزیز سے ملاقات ہو۔ دشمن پر ظفر ہو، اگر درمیان مشرق اور شمال بولے تو چوری کا خوف ہو یا کچھ مال ضائع ہو۔ اگر تیسرے پہر میں زاغ مشرق کی طرف بولے مینہ برسے یا چور کا خوف دور ہو دشمن پر فتح پاوے۔ یا کہیں سے دولت ہاتھ آئے، کہیں نوکر ہو جائے اگر گوشۂ مشرق اور جنوب میں بولے تو آگ لگے۔ لڑائی ہو، خبر بد سُنے۔ اگر جنوب اور مغرب کے درمیان بولے تو کوئی بیمار ہو یا کوئی خوش الحان جانور ملے یا مینہ برسے یا خوشخبری سُنے یا شیرینی کھائے یا دشمن پہ فتح پاوے یا بیمار ہو یا بیمار غلام نیا ملے۔ اگر کسی کام کے واسطے جاتا ہے تو بہت جلد آوے کہ وہ کام انجام پائے گا۔ اگر مشرق اور شمال

کے درمیان میں بولے ابر ہو، ہوا تیز چلے اور اگر جانب بالا سے آواز دے تو کچھ کھانے کو ملے۔

چوتھے پہر میں کوّا مشرق سے بولے تو زر ہاتھ لگے یا حاکم ہو اگر مشرق و جنوب کے درمیان آواز کرے بہتری ہو، دوستوں سے ملاقات ہو یا بیمار ہو۔ اگر جنوب کی طرف سے بولے تو بُرائی ہو یا کہیں سے کوئی فائدہ ہو، اگر شمال اور مغرب کے درمیان کہیں بولے تو کسی عورت سے ملے یا مینہ برسے یا سفر میں جائے۔ اور بہ فتح فیروزی لوٹ آئے۔ اگر شمال میں بولے تو عورت گھات پر آئے۔ یا اسی ہفتہ سفر کو جائے۔ شمال اور مغرب کے درمیان میں دوستوں سے ملاقات ہو یا کوئی اچھی چیز ہاتھ لگے یا گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں جائے۔ اگر کہیں لکڑی پر بیٹھ کر بولے تو کچھ خوشی حاصل ہو یا دشمن دور ہو یا بیماری یا رنج ہو، اگر اوپر ہو تو فائدہ ہو یا کوئی چیز ملے۔

آوازِ خر میں

جس طریقہ سے آوازِ مرغ یا اور جانوروں کے شگون نیک و بد دریافت ہوئے منجمان ہند نے آوازِ خر کا شگون موافق قاعدہ کے دریافت کیا اور درست پایا اگر آدمی اس کے موافق کام کرے گا۔ کبھی زک نہیں پائے گا۔ واسطے فوائد عام کے درج کیا۔ اگر مشرق کی طرف سے بولے تو نحس ہے لازم ہے کہ انسان رنج و فساد کے سوا کچھ نہ پاوے گا اور آپس میں عداوت قلبی پیدا ہو گی۔ اگر گدھا بائیں طرف سے آواز دے تو رزق اور روزی پیدا ہو۔ اگر گدھا مغرب کی طرف آواز کرے تہمت لگے۔ قیدی تھوڑے دن قید خانے میں رہے اگر گدھا طرف مشرق آواز کرے تو دوست قلبی سے ملاقات ہو خوشی کی بات ہو۔

Scanned by CamScanner

اگر گدھا جنوب کی جانب سے آواز دے تو غیب سے کچھ مال ملے کوئی خزانہ ہاتھ لگے یا فقیر کا مل کچھ دے۔

اگر گدھا طرف دائیں سے آواز دے تو مہربانی امید سے زیادہ ہو کہیں کی حکومت ملے۔ رزق ملے منت ملے۔ اتنے لڑکے ہوں گے۔ مثلاً ایک شخص کے چار لڑکے تھے اور تین لڑکیاں۔ اب چار کو پانچ دُگنا ہوئے۔ پانچ میں ضرب دیا چالیس ہوئے اب اس میں تین جمع کیا ۴۳ ہوئے۔ اب اکائی کے درجہ پر تین ہیں تو اتنی لڑکیاں ہیں اور دہائی کے درجہ پر چار ہیں۔ سو اسی قدر لڑکے۔

دیگر نام نکالنا

نام کے حروف دریافت کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اوّل سائل سے کہو کہ اپنے نام کے حروف کی تعداد ہمیں بتا دو یعنی اگر سائل کہے کہ میرا نام سہ حرفی ہے تو اس سے کہدو کہ پہلے حرف کو چھوڑ کے باقی حروف کے اعداد کی جمع کرو اور پھر کہو کہ اب دوسرا حرف چھوڑ کر باقی حروف کے اعداد بحساب ابجد جمع کر لو پھر تیسرا عدد چھوڑ کر باقی اعداد کے ہندسہ جمع کر لو اور پھر نصف سے اوّل مجموعہ گرا دو جو باقی بچے اس کا حروف نکالو جو حرف نکلے وہی حرف اوّل سائل کا اسم ہوگا۔ اسی طرح باقی مجموعات گراتے جاؤ اور حرف نکالتے جاؤ اور اور آخر کو سب کو ملا کر اسم بن جائے گا۔ ایک شخص کا نام کلّو سہ حرفی ہے۔ اب ک چھوڑ کر ل کا مجموعہ ۳۶ ہوا پھر ل چھوڑ کر ک اور و کا مجموعہ ہوا۔ پھر و ک اوّل کا مجموعہ ۵۰ ہوا اور کل کا مجموعہ ۱۱۲ ہوا ان کو ۲ پر تقسیم کیا۔ کیونکہ اسم سہ حرفی تھا۔ اگر چار حرفی ہوتا تو تین پر تقسیم ہوتا۔ اب نصف ۵۶ ہوئے ان میں اوّل مجموعہ یعنی ۳۶ نکالے تو

باقی بیس رہے۔ یعنی ک معلوم ہوگیا۔ پھر ۲۶ نکالے تو ۳۰ رہے۔ یعنی ل معلوم ہوا۔ اسی طرح و معلوم کر کے سب کو جوڑا تو ک ل و یعنی کلو ہوا۔

سبھا میں چور معلوم کرنا

چوری کے وقت کی گھڑیاں معلوم کر کے دس گنا کر کے ۱۲ ملا کر ۵ سے ضرب دو۔ اور حاصلِ ضرب میں ۱۵ جمع کر کے ۲۵ پر تقسیم کرو اور اسے سہ چند کو جو اپنے داہنے طرف بیٹھا ہو پس جس پر تقسیم ختم ہووے وہی چور ہے۔ واضح ہو کہ یہ عمل کچھ چنداں معتبر ہے دیگر یہ بتلانا کہ تیرے فلاں ہاتھ میں چاندی اور فلاں ہاتھ میں سونا ہے۔ کسی شخص سے کہدو کہ وہ اپنے کسی ایک ہاتھ میں چاندی اور دوسرے ہاتھ میں سونا پکڑے اور جس طرف سونا ہے۔ اس طرف کسی عدد جفت فرضی مثلاً ۲۰، ۴، ۶، ۸، ۱۰ وغیرہ دل میں سوچ لے۔ اور جس طرف چاندی ہے اس طرف طاق مثلاً ۳، ۵، ۷، ۹ وغیرہ خیال کرے اور داہنے کو جفت سے ضرب دیوے اور دونوں حاصل ضربوں کو جمع کر کے حاصل جمع تم کو بتا دیوے۔ جب وہ تم کو بتا دیوے تو تم سوچو کہ آیا حاصل جمع کے ۲ حصے برابر ہوتے ہیں یا نہیں اگر ہو سکتے ہوں تو داہنے ہاتھ میں اور چاندی اور بائیں ہاتھ میں سونا۔ ورنہ برعکس ہوگا۔ مثلاً ایک شخص نے داہنے ہاتھ میں سونا اور بائیں ہاتھ میں چاندی جن کے واسطے تم نے اعداد ۸ اور ۷ فرض کر لئے اب چونکہ داہنے میں سونا ہے لہذا داہنے ہاتھ عدد مفرد یعنی ۸ کو کسی جفت عدد مثلاً ۴ میں ضرب دیا تو ۳۲ ہوئے اب ان کو جمع کیا ۷، ۳ ہوئے اس نے یہ حاصل جمع تم کو بتلا دی۔ تم نے دیکھا کہ اس کے دو حصے نہیں ہو سکتے اس لیے معلوم کر لیا کہ داہنے ہاتھ میں سونا ہے۔ اور بائیں ہاتھ میں چاندی۔

دیگر: کسی قسم کے کوئی ہندسہ اڑا ہوا معلوم کرنا کسی شخص سے کہدو کہ کوئی سی دو رقم جو اس سے زیادہ نہ ہوں۔ اور نو پر پوری پوری تقسیم ہو سکیں۔ سوچ لے اور ان کو جمع کر کے حاصل جمع میں سے کوئی سا عدد اڑا دے باقی والا اس سے دریافت کر لو اور نو میں سے تفریق کر لو۔ حاصل جواب ہوگا۔ مثلاً ایک شخص نے دو رقم ۱۷۰ کے درجہ اوّلین ۹ پر تقسیم ہونے ۸۱ اور ۳۶ سوچ لیں جن کی جمع ۱۲۶ × ۸ = ۲۰۰۷ کے ہوئے۔ اب سات کا ہندسہ اڑا کر ۲ تم کو بتا دیا۔ اب ۲۰ کا صفر دور کر دو اور ۲ کو ۹ سے تفریق کر ڈالو۔ حاصل تفریق جواب ہوگا۔ مگر یہ نہیں کر سکو گے کہ کس درجہ کا ہندسہ اڑا دیا ہے۔

فالنامہ متعلق شگون

عجب یہ شگون کا فالنامہ خوش مضمون بلند نخس ہے جس کو مطلب کا مضمون دریافت کرنا منظور ہو تو اس نقش پر انگلی رکھے تو مضمون مطلب برآوے گا حال اس کا جو کچھ اس میں ہے۔ سب معلوم ہو جائے گا۔ خیال کرو تو مطلب برآوے۔

نقش ہوالغنی یہ ہے

۱۱۱	۱۱۲	۱۱۳	۱۱۴	۱۱۵	۱۱۶	۱۱۷	۱۱۸
۱۴۴	۱۴۳	۱۴۲	۱۴۱	۱۳۴	۱۳۳	۱۳۲	۱۳۱
۲۲۴	۲۲۳	۲۲۲	۲۲۱	۲۱۴	۲۱۳	۲۱۲	۲۱۱
۲۳۱	۲۳۲	۲۳۳	۲۳۴	۲۴۱	۲۴۲	۲۴۳	۲۴۴
۳۱۱	۳۱۲	۳۱۳	۳۱۴	۳۲۱	۳۲۲	۳۲۳	۳۲۴
۳۳۱	۳۳۲	۳۳۳	۳۳۴	۳۴۱	۳۴۲	۳۴۳	۳۴۴
۴۱۱	۴۱۲	۴۱۳	۴۱۴	۴۲۱	۴۲۲	۴۲۳	۴۲۴
۴۳۱	۴۳۲	۴۳۳	۴۳۴	۴۴۱	۴۴۲	۴۴۳	۴۴۴

Scanned by CamScanner

۱۱۱۔ یہ ثمر شگون کا بہت خوب ہے فتح ہوگی، نصیب بہتر ہے نشانی تیرے بازو پر تل ہے۔

۱۱۲۔ ثمرہ شگون کا خوب نہیں ہے اندیشہ فکر ہے نصیب خوب ہے۔ حضرت سلطان اشرف جہانگیرؒ کی نیاز کرو، انشاء اللہ تعالےٰ اندیشہ و فکر سب مٹ جائے گا۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل ہے، اور تمہاری زوجہ جھوٹ بولتی ہے۔

۱۱۳۔ ثمرہ شگون کا خوب ہے کچھ ملے گا۔ انشاء اللہ مراد بر آوے گی۔ بعد فتح کے سب یار دوست سے ملاقات ہوگی۔ اور فرزند پیدا ہوگا۔ تین روز گردش رہے گی رسول مقبولؐ کی نیاز کر۔ دل کی آرزو بر آوے، نشانی تمہارے جورو کے شکم پر تل ہے۔

۱۱۴۔ ثمرہ شگون کا خوش مضمون ہے۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی نیاز کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ مُراد حاصل ہوگی۔ دُکھ دفع ہو جائے گا۔ عزیز دوست سے ملاقات ہوگی۔ جو چاہتے ہو وہ ہوگا۔ جو فکر تھی وہ رفع ہو جائے گی۔ راحت و فرحت ہوگی۔ نشانی تمہاری ران پر تل ہے۔

۱۱۵۔ ثمرہ شگون کا خوب ہے اور بہتر انشاء اللہ تعالےٰ کچھ ملے گا۔ سوداگری میں فائدہ ہوگا۔ تو پردیسی تمہارے غلام ہیں ایک مہینے میں تم بہت خوش ہوگے غیر کا اعتماد نہ کرنا، نشانی تمہارے بازو پر تل ہے۔

۱۱۶۔ ثمرہ شگون کا خوب ہے خوشی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ فرزند پیدا ہوگا۔ آرام پائے گا۔ پردیس میں کچھ خوشی کی بات ہوگی۔ اور گاؤں میں بیماری ہوگی۔ مگر دفع ہو جائے گی۔ دشمن سے ہوشیار ہو کہ خوف مٹے گا۔ دن خوب آئے نشانی تمہارے داہنے پہلو پر تل ہے۔

۱۱۷۔ ثمرہ شگون کا پھل اچھا ہے کہ بھائی سے ملاقات ہوگی۔ بفضلہٖ تعالےٰ سوداگری میں نفع ہوگا۔ اور دل میں جو خوف ہے وہ دفع ہو جائے گا۔ اور فرزند پیدا

ہوگا۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز کرو۔ نشانی تمہارے بائیں بازو پر تل ہے۔

۱۰۸۔ ثمرہ شگون اچھا ہے لیکن عبادت اور یاد الٰہی میں گزارو۔ ورنہ پریشانی اور بلائیں گھیر سکتی ہیں۔ نشانی تمہارے گال پر تل ہے۔

۱۳۱۔ ثمرہ شگون کا بہت خوب ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت کچھ ملے گا۔ جو کسی دوست سے دوستی چھٹے گی۔ وہ بھی دوست ملے گا۔ فرزند پیدا ہوگا۔ جو کام چاہتے ہو تو جلدی مت کرو۔ بہت خوشی ہوگی۔ نشانی تمہارے داہنی ران پر تل ہے۔

۱۳۲۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے نیک کام کرو یعنی خیرات کرو قرآن شریف پڑھاؤ جو چاہتے ہو وہ ہو جائے گا۔ جلدی مت کرو۔ جلد ہوگا۔ دشمن تیرا مغلوب رہے گا۔ دل میں تمہارے جس بات کا خوف ہے دور ہوگا۔ حضرت مولا مشکل کشا کی نیاز کرو انشاء اللہ تعالیٰ بے شک مراد بر آوے گی۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل ہے۔

۱۳۳۔ ثمرہ شگون میں ضعف ہے خرابی ہوگی جسم میں بیماری ہوگی خیرات کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ فرزند پیدا ہوگا۔ آرام پاؤ گے۔ نشانی تمہارے اعضائے تناسل پر تل ہے۔

۱۳۴۔ ثمرہ شگون میں خوب ہے۔ بفضلہ تعالیٰ خراب دن گزرے دل کی فکر دور ہوئی نشانی تمہارے سینے پر تل ہے۔

۱۴۱۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام پاؤ گے۔ شادی ہوگی زر ملے گا۔ خیرات کرو۔ نشانی تمہاری داہنی ران پر تل ہے۔

۱۴۲۔ ثمرہ شگون میں آتا ہے کہ امیر ہوگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دکھ دفع ہوگا اور خوشی حاصل ہوگی۔ راجہ عزت کرے گا۔ دل کا ارادہ بر آوے گا۔ نشانی تیرے داہنے بازو پر تل ہے۔

۱۴۳۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے۔ مطلب بر آوے گا۔ خیرات دو اور نیک کام کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد دل بر آوے گا۔ زر ملے۔ جسم کی بیماری دفع ہو اور دشمن

خراب ہوگا۔ حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز کرو بزرگوں کی نیک نظر ہے نشانی تمہارے اعضائے تناسل پر تل ہے۔

۲۱۰۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ سب مطلب بر آوے گا۔ اور تکلیف چھوٹی تمہاری، فکر دور ہوئی اور مخدوم شرف الدین بہاریؒ کی نیاز کرو۔ نشانی تمہاری ران پر تل ہے۔

۲۱۱۔ ثمرہ شگون خوب آتا ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ مقصد بر آوے گا۔ آرام ملے دوستوں سے ملاقات ہوئے۔ راجہ صاحب سے فائدہ ہووے، نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل ہے۔

۲۱۲۔ ثمرہ شگون کا بہت خوب مبارک ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ سب کام راست درست اور دوستوں سے میل ملاقات ہو، تمہاری عورت کے شکم پر تل ہے۔

۲۱۳۔ شگون میں خوب ہے مگر مطلب حاصل ہوگا۔ زر کی طمع ہوگی بفضلہ تعالےٰ ایک مہینہ میں مطلب بر آوے گا۔ تمہارے دن بہتر آئے ہیں۔ نشانی تمہاری عورت کی ناک پر تل ہے۔

۲۱۴۔ شگون کے مضمون میں تردّد ہے، فکر آوے گی۔ انشاء اللہ دفع ہو جائے گی۔ فائدہ ہوگا۔ نشانی تمہارے زنخدان پر تل ہے۔

۲۲۵۔ شگون میں تامّل ہے۔ یعنی عرصہ ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ تین سال میں خوشی ہوگی، دل کا ارادہ پورا ہوگا۔ نشانی تمہارے دوش پر تل ہے۔

۲۲۲۔ شگون میں تامّل یعنی عرصہ ہے۔ دوست سے دشمن پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل میں استقلال رکھو مشکلکشاؒ کی نیاز کرو، نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل ہے۔

۲۲۳۔ شگون میں آتا ہے کہ تکلیف و فکر ہو دشمن سے خوف و خطر ہو کام مقرر کیا ہوا

نہ ہو۔ بھائی دشمن ہو۔ حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز کرو۔ مطلب برآوے گا۔ بفضلہٖ تعالیٰ تمہارے داہنے بازو پر تل ہے۔

۲۲۴۔ شگون میں یہ ہے کہ تمہاری عورت کو فکر ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ فکر دفع ہوگی یقین رکھو خراب روز گذرے اچھے روز آئے تصدق کرو، نشانی تمہاری بائیں بغل میں تل ہے۔

۲۲۱۔ شگون کا ثمرہ خوب ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ عورت کی فکر دور ہوگی دشمن مردود ہوں گے۔ نشانی تمہارے سر میں درد ہوتا ہے۔

۲۲۲۔ شگون سرنگوں ہے کام راست سر برکنج نہاد ہے۔ دل میں خوف وشک ہے حضرت پیران پیر غوث الاعظم دستگیرؒ کی نیاز کرو۔ استقلال رکھو۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوف رفع ہوجائے گا۔ نشانی دل میں تمہارے فکر ہے۔

۲۲۳۔ شگون کے مضمون میں فکر ہے۔ مگر انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہوجائے گی۔ بزرگوں کی نیاز کرو۔ زر حاصل ہو، دوستوں سے ملاقات ہو، نشانی تمہارے بائیں کاندھے پر تل ہے۔

۲۲۴۔ شگون بہتر ہے۔ بفضلہٖ تعالےٰ تمہارا کام انجام ہو۔ تکلیف اقربا دور ہو۔ ایک دوست کا اعتبار نہ کرنا۔ نشانی تمہارے پاس زر بہت اور داہنے بازو پر تل ہے۔

۲۲۱۔ شگون خوش مضمون ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بہت خوب ہوگا۔ فکر دفع ہوگی عورت کو آرام ہو۔ فرزند پیدا ہوگا۔ نشانی تمہاری عورت کے شکم پر تل ہے۔

۲۲۲۔ شگون میں فکر ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ دل کا ارادہ پورا ہو اور کچھ زر بھی حاصل ہو فرزند ملے۔ آرام دے۔ نشانی تیری عورت کے شکم پر تل ہے۔

۲۲۳۔ شگون خوش مضمون ہے۔ فرزند پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ تکلیف

دور ہو آرام ہوگا۔ نشانی تیری داہنی ران پر تل ہے۔

۳۱۰۔ شگون میں تردّد حیرانی بے شمار ہے جو روز گذر تا ہے وہ خراب ہے۔ ایک آدمی سے صورت عدم اعتبار ہے۔ اعتبار نہ کرنا ورنہ آرام میں تکلیف ہے۔ اگر اعتبار ہے تو بہتر بفضلہٖ تعالےٰ دوست سے صورت برآمد کار و آرام ہے نشانی تیرے پیٹ پر تل ہے۔

۳۱۱۔ شگون خوش مضمون ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فکر فرزند کی مٹ گئی۔ خیرات کروگے آرام ملے گا۔ شکل تعظیم ہے راجہ ہوگے۔ نشانی تمہاری عورت کے بائیں زانو پر تل ہے۔

۳۱۲۔ شگون خوب پُرمضمون ہے زیادتی قسمت ہے۔ دشمن درپے آزار خدانگہبان دوست دار ہے دشمن مہجور رہوں۔ عاجز نہ کریں۔ بفضلہٖ تعالےٰ بعد القضاء ایک کے ہر کام راستی سے انجام ہوگا۔ صدقہ دو، نشانی تمہارے داہنے زانو پر تل ہے۔

۳۱۳۔ شگون میں بہتر نظر آتا ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ حصولِ زر آرام حد سے زیادہ ہے دافع فکر ہے۔ نشانی تمہارے داہنے زانو پر تل ہے۔

۳۱۴۔ شگون خوش مضمون ہے بفضلہٖ تعالیٰ کچھ حاصل ہوگا۔ دل کا ارادہ پورا ہو۔ صورت پر آزار ہو دل میں فکر ہو کام دوسرے کا کرتے ہو۔ مشہور بہت ہو نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل ہے۔

۳۲۱۔ شگون لامضمون ہے۔ زیاتی فکر ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ القضائے تین مہینے بہتر ہے۔ صورت برآمد مقصود ہے جو کام مطلوب ہے بہتر، حد سے زیادہ ہے شکل تعظیم راجہ ہے۔ تم کو حصول کسی سے کچھ نہیں ہے۔ دشمن برسرِ دشمنی۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل ہے۔

Scanned by CamScanner

۳۲۲۔ شگون خوش مضمون ہے۔ بفضلِ تعالیٰ زر حاصل ہوگا۔ فکر دفع ہو دوست سے ملاقات ہو آرام ملے۔ اور سب کام اچھی طرح سے انجام ہوں۔ تکلیف دور ہو۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تِل ہے۔

۳۲۳۔ شگون میں تردّد ہے تم کو بیماری ہے مگر بہت جلد مٹ جائے گی بفضلہٖ تعالےٰ آرام ملے گا۔ روز خراب گذر جاتے ہیں۔ روز آرام کے دن چلے آتے ہیں۔ اور جانب اُتر سے زر حاصل ہوگا۔ نشانی تمہارے بائیں بازو پر تِل ہے۔

۳۲۴۔ شگون کا مضمون بہتر ہے۔ انشاءاللہ تعالےٰ فکر دور ہوگی زر حاصل ہوگا کیسی ہی آرزو ہو آرزو تمہاری پوری ہوگی۔ نشانی تمہارے شکم پر تِل ہے۔

۳۳۱۔ شگون میں آتا ہے خیرات کرو، اور حضرت سیّد مخدوم اشرف جہانگیرؒ کی نیاز کرو دل کا مطلب پورا ہو۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تِل ہے۔

۳۳۲۔ شگون کا یہ مضمون ہے کہ بفضلہٖ تعالیٰ سب کام راستی پر ہیں دوست سے ملاقات ہو ایک دوست تمہارا ہے وہ تم سے عداوت رکھتا ہے۔ منہ پر بات شیریں کرتا ہے۔ پیچھے تلخی کرتا ہے۔ مگر دعا کرے گا جو کام کہ تجویز ہے کہ بامدعا ہے نشانی تمہارے سینے پر تِل ہے۔

۳۳۳۔ شگون خوش مضمون ہے۔ انشاءاللہ تعالےٰ جو کام چاہتے ہو وہ خوب ہوگا۔ فکر مت کرو۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تِل ہے۔

۳۴۱۔ شگون میں خوف و خطر ہے۔ بزرگوں کی نیاز کرو، خیرات دو، بفضلہٖ تعالےٰ سب خوف و خطر دور ہو جائے گا۔ جو مانگتے ہو وہ پاؤ گے۔ جو کسی سے تم کو لینا ہے وہ تلاش سے پاؤ گے۔ بات خوشی کی سنو گے۔ نشانی تمہارے اعضائے تناسل پر تِل ہے۔

۳۴۲۔ ثمرہ شگون کا خوب ہے۔ جس مطلب کی تم کو تلاش ہے وہ بفضلہٖ تعالیٰ

تم کو ملے گا۔ لیکن نیاز حضرت سرور کائنات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کرو۔ مطلب بر آوے گا۔ نشانی تمہاری بائیں ران پر تل ہے۔

۴۴۳۔ شگون میں آتا ہے کہ چوروں سے ملاقات ہو۔ مرگ دو چار ہو، خدا نگہبان ہے بفضلہ تعالےٰ تکلیف تمہاری دور ہو جائے گی۔ نشانی تمہارے گلو پر تل ہے۔

۴۴۴۔ ثمرہ شگون کا بہت خوب ہے۔ بفضلہ تعالےٰ اچھے آدمی سے میل ملاقات ہو۔ لیکن جسم میں فکر ہے۔ نشانی تمہارے گلو پر تل ہے۔

۴۱۱۔ شگون کا ثمرہ سرنگوں ہے۔ دل میں فکر ہے، نقصان تجارت میں ہے۔ صبر کرو۔ انشاء اللہ تعالےٰ مطلب حاصل ہو گا۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل ہے۔

۴۱۲۔ شگون میں حصول مطلب ہے بفضلہ تعالےٰ آرام ملے گا نشانی تیرے بائیں پہلو پر تل ہے۔

۴۱۳۔ ثمرہ شگون میں فکر و تکلیف ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ارادہ دل کا پورا ہو گا صبر کرو۔ نشانی تمہارے بازو پر تل ہے۔

۴۱۴۔ ثمرہ شگون کا بہتر و خوش مضمون ہے۔ برادر سے میل ملاقات ہو تعظیم کرے بفضلہ تعالےٰ تکلیف دور ہو نشانی تیرے سینے پر تل ہے۔

۴۲۱۔ شگون کا ثمرہ بہتر ہے۔ دوست سے اور راجہ سے فائدہ ہو بفضلہ تعالےٰ دل کی فکر مٹے گی۔ تکلیف دور ہو، نشانی تیرے داہنے بازو پر تل ہے۔

۴۲۲۔ ثمرہ شگون کا بد ہے، تین سال فکر کرو۔ تکلیف ہے۔ مولیٰ مشکلکشا کی نیاز کرو۔ خیرات دو۔ بفضلہ تعالےٰ پھر آرام ملے ترقی دولت ہو دوست سے ملاقات ہو۔ فکر نہ کرو۔ نشانی تمہارے سینے پر تل ہے۔

۴۲۳۔ ثمرہ شگون کا خوب ہے بفضلہ تعالےٰ دشمن مجوب ہو گا۔ بعد ایک سال کے فائدہ ہو گا۔ بیماری دفع ہو جائے گی۔ نشانی تمہاری عورت کے شکم پر تل ہے۔

Scanned by CamScanner

۴۲۴۔ ثمرہ شگون میں فکر و تردّد ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ خراب روز دفع ہوں گے۔ بہتر دن آئے ہیں لیکن کام میں توقف ہوگا۔ خاطر جمع رکھو۔ خوشی بہت ہوگی۔ نشانی تمہاری عورت کے شکم پر تِل ہے۔

۴۳۱۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے۔ مقصدِ دل بر آوے گا۔ بفضلہٖ تعالیٰ فکر دل کی دفع ہوگی۔ ہر طرح سے فائدہ ہوگا۔ فرزند پیدا ہوگا۔ نشانی تیرے داہنے بازو پہ تِل ہے۔

۴۳۲۔ ثمرہ شگون میں فکر و تردّد ہے اور تیری والدہ کو زیادہ فکر اور تردّد تکلیف نشانی تیرے گلو پہ تِل ہے۔

۴۳۳۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ دل کا مطلب بر آوے گا فائدہ ہوگا آرام پاؤ گے تکلیف دور ہوگی۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پہ تِل ہے۔

۴۳۴۔ ثمرہ شگون خوش مضمون ہے۔ مطلب و مراد دلی پورا ہوگا۔ بہت خوشی حاصل ہوگی حضرت مولا مشکلکشاؑ کی نیاز کرو، خدا کو واحد جانو، نماز کو پڑھو، نشانی تمہاری بغل میں تِل ہے۔

۴۴۱۔ ثمرہ شگون بد ہے تکلیف و فکر و تردّد ہوگا۔ نشانی تمہارے داہنے بازو پر تِل ہے۔

۴۴۲۔ ثمرہ شگون خوب ہے خیرات کرو بفضلہٖ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ غلام اور دوست صادق ملے اور فرزند پیدا ہوگا۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز کرو، نشانی تمہاری داہنی بغل میں تل ہے۔

۴۴۳۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے۔ مطلب جو تجویز ہوا ہے۔ وہ پورا ہوگا۔ فکر و تکلیف دور ہوگی۔ روز ہفتہ میں نوعمر حلال جانور کی قربانی کرو۔ خیرات دو، محتاجوں کو کھلاؤ، انشاء اللہ تعالیٰ فکر سب دور ہو جائے گی۔ نشانی تمہاری آنکھ میں درد ہے۔

۴۴۴۔ ثمرہ شگون کا بہتر ہے جس کام کی فکر ہے وہ کام پورا ہوگا۔ تمہاری عورت کو

آرام تمام ہے۔ بفضلہٖ تعالےٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ ایک سال تک فکر رہے گی مگر دفع ہو جائے گی۔ غریبوں کو خیرات کرتے رہو۔ نشانی تمہارے بازو پر تل ہے۔

فالنامہ حضرت لقمانؑ

فالنامہ حکیم لقمان جو کہ مشہور حکمائے یونان سے تھے۔ جو شخص اپنی مراد دلی رکھتا ہو، پہلے صدق دل سے ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص اور تین بار وَاللّٰہُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ کہہ کے سانس روک کے اور آنکھیں بند کر کے اس نقش میں انگلی شہادت کی رکھے جس خانہ میں انگلی شہادت کی ہو۔ اس کے بیان کو ملاحظہ کر کے اپنا مطلب دلی دریافت کر لے۔



Scanned by CamScanner

شکل اوّل :- اے صاحب فال تیرے واسطے نیک ہے جو تو نے نیّت کی ہے۔ برآوے گی۔ اگر سفر کرے خوش و خرم رہے، اولاد پیدا ہو فرزندوں کو راحت ہمیشہ احوال نیک ہو امیروں اور رئیسوں سے ملاقات ہو جائے۔ اور جلد مقصد حاصل ہووے اور جو خواب دیکھے اس کی تعبیر اچھی ملے، شادی اور خوشی شامل حال رہے۔

شکل دوم :- اے صاحب فال جو تیری نیت ہے۔ وہ پوری ہو اگر مال کی خواہش ہے جلد ملے۔ اگر جانب مشرق سفر کرے بہت فائدہ اٹھاوے۔ اور چالیس روز میں مقاصد تیرے پورے ہوں گے۔ لیکن گھوڑے کے روزگار میں تجھ کو فائدہ ہوگا۔

شکل سوئم :- اے صاحب فال یہ دن تیرے بہت نحس ہیں۔ جس چیز کی خواہش رکھتا ہے وہ حاصل نہ ہوگی۔ بلکہ تہمت لگے گی۔ اگر جمعرات کو علی الصبح کوئی فقیر تیرے مکان پر آوے تو اس کو دو روٹیاں گیہوں کی اور دو پیسے اور ایک گرہ ہلدی کی دیدیجیو۔

شکل چہارم :- یہ فال تیرے واسطے اچھی نہیں۔ اگر غائب کی خبر دریافت کرتا ہے تو ایک سال کے بعد واپس آئے گا۔ اگر بیمار ہو تو تکلیف اٹھائے تجھ کو ایک ماہ تک صبر لازم ہے۔ تاکہ اجر نیک پاوے۔ اور سب مرادیں برآویں۔

شکل پنجم :- یہ فال نیک ہے۔ جو مراد تیری ہے برآوے۔ اور ایسی چیز تجھ کو ملے کہ طبیعت خوش ہو جاوے۔ اور چند دن کے اندر جو جو خواہشیں دل کی ہیں بہت جلد برآویں۔

شکل ششم :- یہ فال تیری جلدی کو منع کرتی ہے ہر کام میں توقف کر کیونکہ خوف طالع بد کا ہے۔ آج کل تجھ کو بہت پریشانی اور مصیبت ہے جب خدا تجھ پر رحم کرے تو پچیس دن تک خیرات کر۔ اگر پچیس دن خیریت سے

گزریں تو بہتر ہے۔

شکل ہفتم:۔ اے صاحب فال تجھ پر یہ دن نہایت سخت گزرتے ہیں اور تو سخت مصیبت میں ہے۔ تیرا دل بہت گھبراتا ہے۔ اگر شادی کا ارادہ ہو تو ابھی نہ کرنا۔ تجھ کو ابھی کوئی کام نہ کرنا چاہیئے۔ اگر کوئی کام کرے گا تو نقصان پائے گا۔ اور تہمت سے بچ۔ ہر شنبہ کو اندیشہ مضرت ہے کیونکہ کسی درخت کے نیچے تو سوتا تھا اور خواب میں دیکھ کر ڈر گیا تھا۔ اب تو پیر کے دن کسی فقیر کو پانچوں دالیں اور ایک پیسہ اور آدھ پاؤ گڑ شب کو دے دیجیو۔ تو کل بلاؤں سے بچ جائے گا۔ اور اکیس روز تک کوئی کام نہ کرنا کیونکہ یہ دن تجھ پر نحس ہیں۔

شکل ہشتم:۔ اے صاحب فال یہ فال نحس ہے کوئی کام نہ کیجیو اور جس چیز کی تو خواہش رکھتا ہے اس میں اندیشہ ہے۔ تو پندرہ روز تک تامل کر۔

شکل نہم:۔ یہ فال تجھ پر نیک ہے خبر خوش سُن جس چیز کی تمنا ہے وہ بلا دقّت ملے جس کام کا مقصد کرے وہ حسب دل خواہ انجام کو پہونچے اگر سفر کرے راحت پائے، مراد دلی بر آئے۔ شادی اور تقریبات میں خوشی اور خرمی حاصل ہو۔

شکل دہم:۔ یہ فال سعد ہے اگر ان دنوں میں شادی کرے خوشی حاصل ہو کسی امیر کے پاس جائے فائدہ پائے خرید و فروخت میں نفع حاصل ہو۔

شکل یازدہم:۔ اے صاحب فال تجھ کو مبارک ہو، دھوم سے شادی کرا۔ سوداگری میں تجھ کو نہایت فائدہ ہوگا۔ جو کام کرے گا نیک ہوگا۔

شکل دوازدہم:۔ یہ فال نہایت نیک ہوگی۔ صاحب فال بڑا نصیب ور ہے جس کام کا قصد کرے گا مراد دلی پائے گا۔ لیکن چارپائے سے نقصان ہوگا۔

شکل سیزدہم:۔ یہ فال تجھ پر نیک ہے اگر کسی بیمار کے لئے

پوچھتا ہے تو عرصہ میں شفا ہوگا۔ تیرا دشمن ضرر پائے گا۔ جب تو اس سے لڑے گا جیت جائے گا۔

شکل چھاردھم: یہ فال نیک ہے۔ طالع مشتری سے نسبت رکھتی ہے۔ اہل قلم سے فائدہ ہوگا۔ ہر کام نیک ہو۔ بادشاہ وقت سے مرتبہ بلند پائے گا اور مال بلا دقت سے غم جہاں دور ہو، حاصل خوشی اور سرور ہو۔

شکل پانزدھم: یہ فال نیک ہے۔ عطارد سے نسبت رکھتی ہے۔ اہل قلم سے فائدہ ہر کام نیک ہو۔ ایک مہینے میں جملہ مقاصد دلی برآویں تجھ کو لازم ہے کہ بدھ کے روز پاؤ بھر آٹا اور ہلدی کے رنگ کا ایک کپڑا اور دو پیسے کسی محتاج کو دیدے۔

شکل شانزدھم: یہ فال نیک ہے۔ بہت سے کاموں میں نفع حاصل ہو، اگر شادی کرے۔ تو فائدہ اٹھائے۔ معشوق پری پیکر ہاتھ آئے اولاد نیک ہوگی۔

یہ فالنامہ نہایت مجرّب ہے۔ ہو بہو حال سائل کا بتا دیتا ہے۔ حکیم لقمان نے اپنی عقل کے زور سے بنایا تھا۔ فالنامہ موسوم یہ فالنامہ اوّل ہے۔

فالنامہ خواجہ حافظ شیرازیؒ

جو شخص اپنا حال نیک دریافت کرنا چاہتا ہے تو اوّل صدق دل سے یہ رباعی پڑھے۔

رباعی: از سرِ غیب گوید آنکہ راز بدست۔ دیوان خواجہ شیراز و حسبِ حال من شکستہ زار آنچہ فرائی بروئے کار برآود۔ بعد اس کے اس نقش

کے کسی خانہ پر انگلی رکھے۔ جس خانے پر انگلی جا پڑے وہ حرف علیحدہ کاغذ پہ لکھے پھر اسی خانے سے چار خانے شمار کر کے چھوڑ دے اور پانچویں حروف کو لکھے جب جدول تمام ہو جاوے تو پھر اوّل خانے سے کہ جس پر انگلی رکھی تھی چار خانہ گن کر پانچوں حرف لکھے اور جو حرف حاصل ہو ان حروف سابق سے اوّل لکھ کر جمع کرے۔ جو حاصل ہووے اس کو فال غیبی تصوّر کرے وہ نقش یہ ہے۔

ا	ی	ر	ہ	ر	د	ج	ف	ب	د
ھ	ی	ا	ن	ب	ا	ی	ن	ا	ش
ی	ب	ی	م	ر	ل	م	و	د	ا
ا	ل	ف	س	ب	ا	ن	ی	ن	ط
ا	ر	و	ت	ل	ش	ت	ب	ا	ل
ی	ر	ب	ب	و	د	ل	ی	ك	د
ی	ہ	ج	ر	ہ	ر	م	ب	ت	ہ
ی	ر	م	ر	ا	و	ا	و	د	س

فالنامہ حضرت یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ

جو شخص تحقیق کرنا چاہے اپنا حال سعد و نحس تو صدق دل سے اعتقاد درست کر کے خانہائے ذیل پر انگلی رکھے اور مطابق نشانی خانہ نقش کے مطلب دلی معلوم کرے۔

Scanned by CamScanner

نقشہ یہ ہے

یک ویک	یک و دو	یک و سہ	یک وچہار	یک و پنج
دو ویک	دو و دو	دو و سہ	دو وچہار	دو و پنج
سہ ویک	سہ و دو	سہ و سہ	سہ وچہار	سہ و پنج
چہار ویک	چہار و دو	چہار و سہ	چہار وچہار	چہار و پنج
پنج ویک	پنج و دو	پنج و سہ	پنج وچہار	پنج و پنج

یک ویک :- اے صاحب فال تجھ کو نہایت مبارک ہے تیرا اقبال زیادہ ہوگا۔ دوست تیرا سچا ہے۔ جو مقصد دل میں رکھتا ہے وہ سب برآوے گا۔ کیونکہ دلیل اچھی ہے۔

یک و دو :- یہ فال تو بہت اچھا ہے تیرا اقبال بلندی پر ہے۔ تیری جو حاجت ہے بہت جلد برآوے گی۔ خدا کو یاد کر۔

یک و سہ :- اے صاحب فال اندیشہ ہے جس کام کی خواہش تو کرتا ہے ایک مہینہ صبر کر اگر صبر نہ کرے گا تو رنج اٹھاوے گا۔ صبر کرے گا خدا اس کا اجر دیگا۔ خدا سے دھیان لگا وہ بڑا غفور الرحیم ہے۔

یک وچہار :- یہ فال کل چیزوں کے واسطے بد ہے اگر کچھ چندے تامل کرے تو وہ کام تیرا ہو جائے گا۔ مگر خدا پر توکل کر۔

یک و پنج :- اے صاحب فال تو بڑا نصیب ور ہے کچھ دولت آئے گی خیرات کیا کر۔

دو ویک :- یہ فال بہت خراب ہے۔ اندیشہ ہے تو کچھ تکلیف اٹھائے چندے توقف کیا کر۔ اگر صبر کرے گا تو یہی فال تیرا بہت فائدہ مند ہوگا۔

Scanned by CamScanner

تیرا مقصد چاروں طرف سے بر آوے گا۔ خوش ہو کہ خدا نے تجھے یہ دن دکھایا۔

دو و دو :۔ یہ فال تو بڑا نصیب ور ہے۔ خدا کے حکم سے سب تکلیف دور ہوگی۔

دو و سہ :۔ یہ فال تو نیک ہے مگر یہ کام بہت سخت ہے دل اپنا قوی رکھ، خدا مشکل آسان کر دے گا۔

دو و چہار :۔ اے صاحب فال تیرا وقت خوش عنقریب تجھ سے ہم آغوش ہوگا۔ خدا سے لَو لگا۔

دو و پنج :۔ یہ فال بہت اچھی ہے تمام مراد بر آوے گی میدان فتح دولت اتنی پاؤ گے۔ گویا ہفت اقلیم ہاتھ آگئی۔

سہ و یک :۔ یہ فال اچھی نہیں ہے جہاں تو جائے گا خجل اور پشیمان ہوگا لیکن صبر و تحمل فائدہ مند ہوگا۔ کیونکہ صبر کا پھل اچھا ہوتا ہے۔

سہ و دو :۔ اے صاحب فال خوش ہو کہ یہ فال تیرا مُبارک ہے۔ جو کام کرے گا۔ یا سفر کرے گا سب اچھّا ہوگا۔ جو مقصد تو دل میں رکھتا ہے وہ بہت جلد بر آوے گا۔

سہ و سہ :۔ یہ فال جلدی کو منع کرتا ہے یعنی صبح ہونے تک بعد جو کام ہو وہ سب کر بیشک خدا اس کا پھل دے گا۔

سہ و چہار :۔ یہ فال بہت اچھّا ہے اقبال بلندی پر ہے اور کوئی اُمید دل میں باقی نہ رہے گی۔ مقصد بہت جلد بر آوے گا۔

سہ و پنج :۔ اے صاحب فال ستارہ تیرا گردش میں ہے اگر صبر کریگا تو کوئی تعجب نہیں شاید فلک تیرا کام انجام دے۔

چہار و یک :۔ یہ فال تو بہت اچھّا ہے۔ مگر جو کام کرنا ہو صبح روشن

تک کرے اور تو دشمن پر ہمیشہ فتح مند رہے گا۔ مگر کسی سے دشمنی نہ کرے۔

چہار و دو :- یہ فال تو سعادت مند ہے اقبال روز بروز بلندی پر ہے مگر شکار نہ کھیلا کر تو تیرا فائدہ ہوگا۔

چہار و سہ :- یہ فال تو بد ہے چند روز کے بعد راحت ہوگی بُرے کاموں سے باز آ، یار و مددگار سے کام نہیں چلے گا۔ جو کام ہو اپنے بھروسہ پر کرنا۔

چہار و چہار :- یہ فال تیرا اچھا ہے دل میں شاد ہو کیونکہ تیری مراد حاصل ہوگی میدان میں فتح انشاء اللہ فتح ہے کیونکہ تیرا ستارہ اچھا ہے۔

چہار و پنج :- یہ جو فال تیرا ہے بہت بہتر ہے۔ کہیں سے دفینہ ہاتھ آئے گا۔

پنج و یک :- یہ فال تیرا منوّر ہے اگر صبر کرے گا۔ تو بہتر ہے دشمنوں سے خبردار رہنا کیونکہ دشمن تیرے بہت ہیں۔

پنج و دو :- یہ فال ہر کام کے جلدی کرنے کا اشارہ ہے یعنی ہر کام جلدی کرلے مراد بر آئے گی۔ دولت ہاتھ لگے گی۔

پنج و سہ :- یہ فال بڑا شوم ہے تو ہر وقت تنگدستی میں رہتا ہے خوش ہو کہ عاقبت میں تیرے لئے اچھا ہے مگر یہاں سختی ہے خیرات کیا کر تو یہ زندگی دور ہوگی۔

پنج و چہار :- یہ فال نیک ہے شادی کی جو دل میں امّید ہے پوری ہوگی۔ مگر ایک عورت پہ تیرا دل ہے اس کو چھوڑ دے پھر شادی کر نہیں تو آئندہ نقصان ہے۔

پنج و پنج :- اے صاحبِ فال جو آدمی بھاگ گیا ہے ملے گا گو عورت ہو یا مرد ایک بزرگ سے ملاقات ہوگی۔ خدا کے فضل و کرم سے سب کام انجام ہوگا۔

بیان خواص آواز چھینک بروقت روانگی

ذکر یکشنبہ :- اگر جانب مشرق سے بروقت روانگی وغیرہ کے آواز چھینک

کی آوے تو کسی دوست سے کچھ راحت پائے اور درمیان یعنی گوشۂ مغرب و جنوب سے ہو تو دہشت و غصہ طبیعت میں سماوے۔ اگر خاص جنوب سے صدائے عطیہ ہو تو موجب بشاشت اور باعثِ دولت کا ہے۔ اگر گوشۂ مغرب و جنوب سے ہو صبر و قناعت کی علامت ہے، اگر جانب مغرب سے ہو تو غذائے لطیف ملنے کی دلیل ہے اگر گوشۂ مغرب اور شمال سے چھینک ظاہر ہو تو غذائے ستہ خاطر ہے اور سمت شمال سے ہو تو دولت کثیر ہاتھ لگے۔ اگر گوشۂ مغرب و شمال سے ہو تو تمنائے دلی بر آوے یا فکرِ اخراجات سے رہائی پائے۔

ذکر دوشنبہ:۔ اگر سمت مشرق سے چھینک ہو تو حصول قناعت کی نشانی ہے اگر گوشۂ جنوب و مشرق سے ہو باعثِ فرحت و شادمانی ہو۔ اگر جانب جنوب سے آواز آئے مال و متاع دستیاب ہو۔ اگر گوشۂ مغرب اور جنوب پر ہو تو وصال دوست سے کامیاب ہو اگر طرف مغرب سے چھینک ہو تو کچھ خوف و خطرہ اور گونہ ملال ضرور پیش آئے اور اگر گوشۂ مغرب اور شمال سے ہو تو قدرے مال و دولت ہاتھ لگے اور خاص مشرق سے عطیہ نمایاں ہو طعام شیریں اور لطیف کھانے میں آئے اور گوشۂ جنوب و مشرق سے ہو تو مراد دلی بر آوے۔

ذکر سہ شنبہ:۔ اگر سمت مشرق سے چھینک ہو تو کچھ نقصان مال کا ضرور ہو۔ اور گوشۂ مشرق و جنوب سے جو مقاصد قلبی ظہور میں ہو اگر سمت جنوب سے ہو برخاستگی مناظر سے بے قرار رہے۔ اگر گوشۂ مغرب و جنوب سے ہو تو محبان ہر راز سے ہوشیار۔ اگر خاص مغرب سے ہو، زیادہ شادمانی اور مسرت ہو اور گوشۂ شمال و مغرب سے ہو تو مال و زر کی کثرت۔ اگر روئے شمال سے پیدا ہو تو حصول مراد سے شاد کام ہو اور گوشۂ مغرب و شمال سے نقصان زر ہو یا موجب آلام ہو۔

ذکر چہار شنبہ:۔ اگر چہار شنبہ کو روئے شمال سے آواز چھینک آوے۔

دولتِ لازوال سے مالامال ہو اور گوشۂ مغرب اور جنوب سے کچھ تکلیف و ایذا لاحق حال ہو مگر جانب جنوب میں مقصد قلبی سے کامیاب ہو اور گوشۂ مغرب اور جنوب سے زر کثیر یا وے آب و ہوا اگر سمتِ شمال سے چھینک ہو خوف عظیم سے دہشت و باک ہو، لیکن گوشۂ مشرق و شمال سے بمواصلت حبیب فرحت ناک۔

ذکر پنجشنبہ :۔ اگر جمعرات کو مشرق سے چھینک ہو یقین ہے کہ نقصان دولت و زر سے غم واندوہ ہو۔ اگر گوشۂ مشرق و جنوب سے چھینک پڑے تو موت قریب و دہشت نصیب ہو۔ اگر گوشۂ جانب جنوب رموز قلبی سے کامران ہو اور گوشۂ غروب و جنوب سے ہو حصولِ زر کا سامان۔ اگر طرف مغرب سے چھینک آوے نویدِ شادی سے خانہ آبادی اور گوشۂ مغرب اور جنوب سے برخاستہ دلی اور نامرادی۔ اگر جانبِ شمال سے صدائے چھینک سُنے، موجبِ نشاط و آرام ہے اور درمیان مشرق و شمال کے ہو بیشک خوف و دہشت کا مقام ہے۔

ذکر جمعہ :۔ اگر جمعہ کو شمال کی طرف سے چھینک ہو کوئی خوف و خطر خطیر و خاطر ہو۔ اور گوشۂ جنوب و شمال میں ہو مقصد قلبی سے بہرہ ور ہو اور اگر سمت جنوب سے چھینک ہو تو قدرے ملالِ حبیب اور اسی سے گونہ فائدہ بھی ضرور تصور کرے۔ قریب ہے کہ اگر خاص مغرب سے ہو تو خوشی اور خرمی کا موجب ہے اور اگر گوشۂ غروب و شمال سے ہو برخاستگی دل کا مستوجب۔

اگر شمال سے صدائے عطسہ سننے میں آئے محبِ شفیق سے ملاقات ہو اور گوشۂ مشرق و شمال میں تمنائے دلی بر آوے کچھ خوشی کی بات ہو۔

ذکرِ شنبہ :۔ اگر ہفتہ کو جانبِ مشرق سے چھینک ہو، طعامِ لطیف شیریں کا لطف پائے اور جنوب و مشرق سے آواز ہو خواہشِ دل حاصل ہو اور گوشۂ مغرب و جنوب سے ہو تو کوئی دشمن آمادۂ جنگ و جدل ہو عطسہ طرف مغرب سے ادراک میں آئے خاطر

متفکر اور مضطر کو تسلی و آرام ہو مگر گوشۂ غرب سے مستوجب پریشانی و آرام۔ اگر عطیہ روئے شمال سے ہو حصول دولت کا مال ہے اور گوشۂ مشرق سے ہو تو آرزوئے قلبی کا بر آنا محال۔

خواص جانب ناظرین پر روشن ہو کر بروقت روانگی ورجوع کا اگر چھینک بلندی سے ہو ملک الموت کا سامنا تصور کرے اور از جانب زیریں ہو تو مال و زر کا پانا تصور کرے اگر صدائے چھینک بزور شور ہو تمنا دلی بر آوے۔ خوشی و خرمی کا ظہور ہو اگر زن عقیمہ یا بیوہ پانا، نابالغ چھینکے اصلاً مقام فکر نہیں اس عطیہ الاعتبار کا کچھ ذکر نہیں اگر حائضہ چھینکے غم واندوہ پر دلالت ہے بیشک تشویش و فکر کی علامت ہے اگر دوا پینے یا سونے یا ہنگام جنگ و کارزار یا تحصیل علم یا کاشتکاری کے وقت جانب چپ یا پشت سے عطیہ ظہور پائے سعد ہے، مراد دلی آرزوئے قلبی بر آوے اگر بہ سبب سردی زکام وغیرہ کے عطیہ ہو یا کوئی عمداً چھینک لے تو سراسر باطل اور لا اعتبار ہے۔ یہی خلاصہ اور یہی اختصار ہے۔

ساعت نامہ

یہ ساعت نامہ واسطے ان عاملوں کے لئے ہے جن کو وقت ساعت برابر معلوم نہیں اور وہ تعویذ گنڈا جھاڑ پھونک کرتے ہیں فائدہ کچھ نہیں ہوتا کسی طرح وقت معلوم نہیں وہ لوگ وقت مریخ میں محبت کے تعویذ اور قمر کے وقت میں دشمنی کے تعویذ یا کوئی کام بد وقت الٹا کر بیٹھتے ہیں عوض فائدہ کے نقصان اٹھاتے ہیں کتابوں کو مفت میں بدنام کرتے ہیں۔

ناظرین کی سہولت کے لئے یہ ساعت نامہ درج کرتے ہیں تاکہ وقت بخوبی

معلوم ہو۔ تعویذ بھرنے میں آسانی ہو کیونکہ وجہ یہ ہے کہ دشمنی اور عداوت کے تعویذ مریخ میں لکھتے ہیں اور محبت کے تعویذ وقت قمر اور شمس و عطارد وغیرہ میں بیماریوں کے کے لئے اور ستارے ہیں، دن کا حساب سات گھنٹے صبح سے اور رات کا حساب سات گھنٹے تک سمجھنا چاہیئے۔

٭ ٭ ٭ ٭

۱۔ وقت عمل موافق ساعت اشیائے ذیل پر نظر کرنا محمول او پر شہادت ساعت کے ہے۔ پرانی قبرستان کی خاک او پر طائر سات زحل میں خوش مزہ پھل اور پھل دار درخت مشتری میں۔ جانوران درند کی کھال اور پانی ساعت مریخ میں گھی اور شہد ساعت شمس میں خوشبو پتیاں ساعت زہرہ میں میوہ جات ساعت عطارد میں، عطریات ساعت قمر ہیں۔

ساعت کیا چیز ہے؟

ساعت کیا چیز ہے؟

ایک گھنٹہ کا وقت ہے۔ جو طلوع آفتاب سے شمار کیا جاتا ہے غروب آفتاب تک اور اسی طرح غروب آفتاب سے شب کا حساب شمار کیا جاتا ہے طلوع آفتاب تک۔

جدول ساعات شعبہ سیّارہ سعد و نحس ہر ایک روز و شب

روز	۰	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ
شب	۰	شب پنجشنبہ	شب جمعہ	شب شنبہ	شب یکشنبہ	شب دوشنبہ	شب سہ شنبہ	شب چہارشنبہ
ساعت اوّل	۱	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد
ساعت دوم	۲	زہرہ سعد اصغر	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک
ساعت سوم	۳	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ نیک
ساعت چہارم	۴	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک
ساعت پنجم	۵	زحل نحس اکبر	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد نیک	مشتری نیک	زہرہ نیک
ساعت ششم	۶	مشتری سعد اکبر	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ نیک	عطارد نیک
ساعت ہفتم	۷	مریخ نحس اکبر	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک
ساعت ہشتم	۸	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد
ساعت نہم	۹	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک
ساعت دہم	۱۰	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مشتری نیک
ساعت یازدہم	۱۱	قمر نیک	مریخ نیک	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک
ساعت دوازدہم	۱۲	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک

Scanned by CamScanner

جدول دریافت طالع ہر ایک شخص مع طبع

طریقہ دریافت طالع کا یہ ہے کہ نام طالب و مطلوب مع والدین بحساب ابجد جمع کر کے بارہ سے طرح دے بقیہ عدد کو اس جدول کو دیکھ کر طالع معلوم کرے مگر جہاں تک ممکن ہو اس نام کا طالب و مطلوب کے عددوں کا لے جو نام زائچہ میں پنڈت لوگ بموافقت قائم کرتے ہیں۔

اعداد باقی	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
نام طالع	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
طبع طالع	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی

تمثیل خورشید طالب کا طالع حمل و طبع آتشی مہتاب مطلوب کا طالع ثور طبع خاکی نکلا۔ اس طرح سے کہ بارہ پہ تقسیم کرنے کے بعد نام خورشید اور اس کی دلالت ایک باقی رہا و مہتاب میں دو رہے اور جس وقت نقش لکھنے کا قصد کرے اول نام الٰہی اور نام مؤکل متعلقہ سر حروف طالب و مطلوب مثلاً نام طالب خورشید و نام مطلوب مہتاب ہیں بمقابلہ ح۔گ۔ سر حروف طالب ہے۔ اسم الٰہی خبیر و مؤکل میکائیل و بمقابلہ م۔ک حروف سر حروف مطلوب ہے اسم اللہ مومن مؤکل رومائیل ہے اس طور سوگند دیوے یا میکائیل یا رومائیل بحق یا خبیر یا مومن محبت خورشید بن ظہورن مہتاب بن وزیرن ہیں حکیم کر بعد ازاں مؤکل کر۔

حروف ابجد و اسمار الٰہی مؤکلان متعلقہ سر حروف طالب و مطلوب

حروف تہجی	طبع حروف	اعداد ابجد	نام خدا متعلق	سر حروف	نام مؤکلان
۲	آتشی	۱	اللہ	احد	اسرافیل
ب	بادی	۲	باسط	باطن	جبرائیل
ت	بادی	۴۰۰	توّاب	۰	عزرائیل

Scanned by CamScanner

ث	آبی ۵۰۰	ثابت	تواب	میکائیل
ج	آبی ۳	جلیل	جمیل	کلمکائیل
ح	خاکی ۸	حبیب	مجید	میکائیل
خ	خاکی ۶۰۰	خبیر	خالق	میکائیل
د	خاکی ۴	دیان	دائم	دزدائیل
ذ	آتشی ۷۰۰	ذوالجلال	والاکرام	اسرافیل
ر	خاکی ۲۰۰	رب	رشید	اسرائیل
ز	آبی ۷	زکی		سرفائیل
س	آبی ۶۰	سلام	سمیع	عمرائیل
ش	آتشی ۳۰۰	شکور	شہید	ہمرائیل
ص	بادی ۹۰	صمد	صبور	رحمائیل
ض	بادی ۸۰۰	ضار		عطکائیل
ط	آتشی ۹	طاہر		اسماعیل
ظ	آبی ۹۰۰	ظاہر	ظہور	نوائیل
ع	خاکی ۷۰	عزیز	علیم	نورائیل
غ	خاکی ۱۰۰۰	غفور	غنی	نوجائیل
ف	آتشی ۸۰	فتاح		سرحائیل
ق	آبی ۱۰۰	قادر	قدوس	نوخائیل
ک	آبی ۲۰	کبیر	کریم	خدوائیل
ل	خاکی ۳۰	لطیف		طاطائیل
م	آتشی ۴۰	مومن	مہیمن	رومائیل
ن	بادی ۵۰	نور	نافع	جولائیل
ہ	آتشی ۵	ہادی		
ی	بادی ۱۰	یطیر		سرطائیل

Scanned by CamScanner

طریقہ دریافت حال عورت حاملہ

کر کے تعمیل امرائے ذی جاہ — حال سے حاملہ کے ہو آگاہ
لے نئی ٹھیکری تو اک پہلے — سرخ چندن سے دائرہ لکھ دے
یا ملے گر سیاہیٔ تازہ — ہے وہی اس کا حکم و اندازہ
رکھ کے بس پیش حاملہ وسفال — انگلی رکھنے کو کہہ بصدق و مقال
لفظ پر گر زحل کے انگلی آئے — یاد افسوس سے ہے کہ خالی جائے
مشتری سے نمود ہو دختر — شمس و مرّیخ سے عیاں ہو پسر
زہرہ ہے فال دختری ذی جاہ — ہو عطارد میں پوت سے آگاہ
ہو نمودار فال میں جو قمر — جان حکم خدا سے ہو دختر
واقعی یہ تو ہے حساب نجوم — آگے سب کچھ خدا کو ہے معلوم



فالنامہ ولادت

سنیچر کے روز جو بچہ پیدا ہوگا وہ زیادہ تر رنج و غم میں رہے گا۔ مگر خدا اس

پر برکت نازل کرے گا۔ اور سب خوش رہیں گے۔

اتوار :۔ کو جو بچہ پیدا ہوگا وہ خردمند اور دولت مند ہوگا اور عمر دراز ہوگی۔

پیر :۔ کو جو بچہ پیدا ہوگا وہ مستقل مزاج نہ ہونے کے سبب کسی کام میں کامیاب نہ ہوگا نیک دل متواضع ہوگا اور نیک سیرت ہوگا۔

منگل :۔ کے دن جو بچہ پیدا ہوگا وہ غصہ ور اور جوانی میں سخت چیں ہوگا۔ تند خوئی کے سبب اس کی جان ہمیشہ خطرہ اور مصیبت میں رہے گی۔ اور ہمیشہ بلاؤں اور مصیبتوں کا سامنا رہے گا۔

بدھ :۔ کو جو بچہ ہوگا وہ نہایت علم دوست اور مطالعہ پسند ہوگا۔ اور اگر موقعہ ملا تو خود ایک جلیل القدر مصنف ہوگا۔

جمعرات :۔ کے دن جو بچہ پیدا ہوگا وہ بہت دولت اور عزت پائے گا اور جب تک وہ دولت کی خواہش کریگا چاروں طرف سے دولت آئے گی۔

جمعہ :۔ کے روز جو بچہ پیدا ہوگا وہ خوش نصیب اور قوی الجثہ ہوگا۔ ہر کام میں اس کو کامیابی ہوگی۔ عمر بھر خوش حال رہے گا۔ واللہ اعلم

نقشہ راس حسب قول حکمائے یونان

جو اپنی راس کو معلوم کرنا چاہے اپنے نام کا پہلا حرف نقشہ ذیل میں دیکھے جہاں وہ حرف لکھا ہو اس کے جس برج کا نام لکھا ہے وہی اس کی راس ہے اور جو راس کے نیچے ستارہ لکھا ہوا ہے اس برج سے اس ستارہ کا تعلق ہے راس یعنی برج معلوم ہو جانے کے بعد نیک و بد آئندہ تمام سال کے معلوم ہو سکتے ہیں۔ یہ جدول عاملوں کے لئے بھی کار آمد ہیں۔

Scanned by CamScanner

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
برج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
نام سیارہ	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر	آفتاب	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	زحل	مشتری
مالک برج	ا۔ل	ب۔و	ق۔ک	ہ۔ج	م	غ۔ث	ر۔ز	ذ۔ض	ف	خ۔س	ش	ر
	ی ع							ج ن ت				

برجوں کی خواص	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی
دن	منگل	جمعہ	بدھ	پیر	اتوار	بدھ	جمعہ	منگل	جمعرات	سنیچر	سنیچر	جمعرات
رنگ	سرخ	سفید	سبز	گلابی	زرد	مختلف	سیاہ	سیاہ	کرنجی	اودا	سرمئی	پیازی
	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

ایک شخص کی راس اور نخچتر جاننے کا نقشہ

ناظرین دنیا کی تمام موجودات کو جوتشیوں نے اس نقشہ پہ تقسیم کیا ہے پس اپنی راس معلوم کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ اپنے نام کا اول حرف اس نقشہ میں دیکھے پس اپنے حرف کے اوپر جو راس لکھی ہے وہی اس شخص کی راس ہوگی اور نخچتر جانب راس لکھا ہے اس کا وہی نخچتر ہوگا۔

مثلاً رحیم خاں ہے حرف (ر) جو زریں تلا راس کے جانب نخچتر چترا ۳ چرن لکھا ہے۔ پس رحیم خان کی راس تلا اور نخچتر چترا چرن سو ہے۔ اسی طرح سے نام بھی مولود کا رکھنا ہے۔

Scanned by CamScanner

	نچھتر وچرن	امتی	۲	۳	۴	ابھرتی	۲	۳	۴	۰
میکھ حمل	حروف	چو	چے	چو	لا	ی	لو	ے	لو	آ
	نچھتر وچرن	۲ کرتکا	۳	۲	روسی	۳	۳	۴	امرگسرا	۴
برکھ ثور	حروف	ای	او	اے	او	با	بی	بو	بے	بو
متھن چوندا	نچھتر وچرن	مرگسرا	۴	آرادوار	۳	۳	۴	اپزیس	۲	۳
	نچھتر وچرن	کا	کی	کو	کھا	نا	چھا	کے	کو	۱
	نچھتر وچرن	پزیس ہے	پکھ	۲	۳	۴	اشیکھا	۲	۳	۴
کرک سرطان	حروف	ہی	رو	ہے	ہو	ڑا	ڈی	ڈو	ڈے	ڈو
سنگھ اسد	نچھتر وچرن	گھا	۲	۳	۴	پوریا پھالگنی	۲	۳	۴	اترا پھالگنی
	حروف	م	ی	مو	نے	مو	ٹا	ٹی	ٹو	ٹے
	نچھتر وچرن	اترا پھالگنی	۳	است	است	۲	۳	۴	چترا	۲
کنیا سنبلہ	حروف	نو	یا	یالی	بابو	کھا	سان	پھر	پے	پو
میزان	نچھتر وچرن	نچھتر وچرن	۳	۴	است	م	۱۴	رشاکھا	چترا	۳
تلا	حروف	را	رے	رو	رے	رو	۱۰۰	تی	تو	تے
برجھک	نچھتر وچرن	لوناکھا	نرادیا	۲	۳	۴	جیشا	۲	۳	۴
عقرب	حروف	نو	ن	ن	نو	نے	تو	یا	بی	بو
قوس	نچھتر وچرن	مولا	۲	۴	پویاکھا	۲	۳	۳	۴	اتراکھاڈ
دھن	حروف	لے	بو	بھما	بھ	دھا	چھا	پھ	ڈا	بھے
	نچھتر وچرن	ارکھاد	۳ ۴	انجور	۳	۳ ۴	مژداں	۲ ۳	۴	دھنشا
	حروف	چھرا	ج جی	جو	جے	جو	کھاکھی	کھولھ		
	نچھتر وچرن	دھنشا	۴	کھا است	۳	۳	۴	پورباگھر	۲	۳

Scanned by CamScanner

	حروف	گ	گے	گو	ں	سی	سو	ست	سو	سا
	نچھتر و چرن	مورکھا	اتر بھا	دو	۳	۴	ریوتی	۲	۳	۴
	حروف	وی	او	تھ	جہاں	نسیاں	دے	دو	چا	چی

نچھتر کی برآمد کا قاعدہ

جس سال میں لوند کا مہینہ ہو کاتک سے اس میں جس میں نچھتر معلوم کرنا منظور ہے معہ لوند شمار کرے پھر ان سب مہینوں کو دوچند کرلے اور جس قدر دن اس مہینے کے معہ گزرے ہوں جس میں نچھتر دیکھ رہا ہو وہ شمار بھی مہینوں پر بڑھاوے اور ایک عدد اضافہ کرے اگر یہ اعداد شمار میں ۲۷ سے زیادہ ہوں تو ۲۷ کو مجموعہ میں سے کم کرے باقی اعداد جس قدر میں اشنی نچھتر سے شمار کرے جس کا نچھتر پر شمار ختم ہو سمجھ لے کہ آج وہی نچھتر ہے۔

مثلاً گذشتہ سال سمبت ۱۹۶۴ء میں لوند کا مہینہ پڑا تھا اور اسی دن کی متی اسوج بدی قومی کا نچھتر دیکھا ہے جو ماہِ کاتک سے لغایت بھادوں بارہ مہینے گزرے تھے اس کے دوچند چوبیس ہوئے اور نو عدد نتھ کے بڑھا دے تینتیس ہوئے ایک عدد اضافہ کیا چونتیس ہوئے۔ ستائیس خارج کئے سات باقی رہے تو نچھتر اشنی سے سالو میں درجہ میں پونربس تھا یہ ہی اس روز کا نچھتر تھا۔ مہینوں کے نام کی مطابقت سے نچھتر یہ ہیں۔ شمار کرنے والا خیال کرے۔ اشوج اشنی، کاتک، کرتیکا، گہن، مرگسرا پوہ میگھ، مکھا، پھاگن پور، پھالگنی، چیت، چترا، بیساکھ، جیٹھ، اساڑھ، پوربا کھاڈ، ساون، بھادوں، پوربا، بھادر پد۔

نوٹ:۔ جس سال لوند کا مہینہ نہ ہو، اس سال فقط مہینوں کا شمار دوچند کرے۔ فقط۔

Scanned by CamScanner

نقشہ اقسام نچھتّر

جس وقت مال چوری ہوگیا ہو یا کوئی اور چیز گم ہو جائے تو اس وقت کا نچھتر جنتری میں دیکھو کہ بوقت مال چوری جانے کے کیا نچھتر تھا۔ جب وہ نچھتر معلوم ہو جائے تو اس کو بموجب نقشہ ذیل دریافت کرو کہ وہ نچھتر اندھا ہے یا کانا یا سماکھا۔ غرض کہ جس قسم کا نچھتر ہو اس کا نتیجہ خانہ کیفیت سے ملاحظہ کرو جس سے چوری کا مال ملنے یا نہ ملنے کا حال معلوم ہو جائے۔

اقسام نچھتر	نام نچھتر	چوری کس طرف کی گئی	کیفیت
اقسام نچھتر	روی بکھ، پشاکھا، ریوتی دھنشا پوریا، کھاڈ، اترا بھالگنی	مشرق	جلدی مل جانے والی ہے
اندھے	مرگسراشیکھا، ہمت نرادھا اترا کھاڈ، مست یکھا اشٹی	جنوب	تین یوم تک ملنے کی امید ہے
کانے	آرودرا، پنرباسو، پشیا، جیشٹھا بھرنی پوریا۔ بھادر پد	مغرب	کوشش کرو شاید ایک ماہ تک مل جاوے
سماکھے	شربس، سوانی۔ پوربا بھالگنی مول، شردن، کرتکا۔ اترا بھادر پد	شمال	کوشش فضول مال ہرگز نہ ملے

چہار روجہ بانوں میں برجوں کے نام

عربی	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
فارسی	گرہ	گاؤ	دوپیکر	خرچنگ	شیر	خوشہ	ترازو	کژدم	کمان	زعالہ	دلو	ماہی
انگریزی	دام	بل	دوپس	کراب	لائن	دوشن	میکن	انکھین	ارجر	ارتھر	ہیرو	نشر
ہندی	میش	ورک	پھون	کرک	سنبھ	کنیا	تولا	برچھک	دھن	مگر	کوبھ	مین

ہاتھ دیکھنے کا عجیب و غریب قاعدہ

ہاتھ کے اقسام:۔ لمبے ہاتھ والا شخص ہنرمندی کو پسند کرے نازک خیال ہو اور اگر بہت لمبا ہاتھ ہو تو زیادہ جلد باز اور اگر ہتھیلی سے ہاتھ کی انگلیاں دراز ہوں تو حافظہ عمدہ ہو مگر وہم طبیعت میں ضرور ہو۔ اگر انگلیاں چھوٹی ہوں تو زیادہ عقلمند اور اختیار پسند ہو اگر انگلیاں ہتھیلی کے برابر ہوں تو عقلمند اور نیک بخت ہو اگر ہتھیلی میں گڑھا ہو تو مالدار ہو۔ اگر ابھری ہوئی ہو تو فضول خرچ ہو اگر ہتھیلی زرد مائل ہو تو زانی ہو، اگر سیاہی مائل ہو تو مصیبت زدہ اور گندہ رو ہو۔

انگوٹھا:۔ جتنا لمبا اور بڑا ہو اتنا ہی عمدہ ہے مگر چھوٹا ہو تو بے وقوفی کی علامت ہے اگر ناخن کا منہ بڑا ہو تو مستقل مزاج ہو اگر بیچ کا حصہ بڑا ہو تو منطقی ہو اگر نیچے جڑ سے ناخن کا منہ بڑا ہو تو مستقل مزاج سے محبت رکھے۔ انگوٹھا اگر زیادہ ابھرا ہوا ہو تو خود غرض غصہ والا اور عاشق مزاج ہوگا۔ اگر انگوٹھا اندر کو جھکا ہوا ہے تو دلیر ہوگا۔ اگر باہر کو جھکا ہوا ہو تو بزدل ہوگا۔

اُنگلیاں:۔ نوکدار اور دراز ہوں تو پارسا اور دیندار ہو اور گول ہوں تو نیک ہو پتلی ہوں تو عقلمند ہوشیار ہو اگر جڑ کا حصہ لمبا ہو لذات جسمانی مرغوب ہوں۔ انگلی اور سرا بہت بڑا ہو تو بھی عقلمندی کی نشانی ہے اگر انگلی کچھوئی ہو تو بے لوث اور برکت والا ہو۔ اگر انگلیاں آپس میں اچھی طرح ملی ہوں تو عقلمند اور مالدار، اگر انگلیاں موٹی ہوں۔ تو غریب اگر چپٹی یا چھوٹی ہوں تو غلام ہے پوروں میں اگر لکیریں کھڑی زیادہ ہوں تو بہت عمدہ ہے۔

اوّل لکیر:۔ خط جس کے ہاتھ میں ہوگا وہ ہوشیار، جالاک، عیش پسند اور دولتمند ہوگا۔ اگر باریک روشن اور صاف ہو تو مرتے وقت آسودہ حال رہے۔

Scanned by CamScanner

دوسری لکیر :- یہ عمر کی ہے کلمہ کی انگلی کے پاس جہاں مشتری لکھا ہے جا کر دو شاخہ ہو جائے تو وہ شخص خوش قسمت اور سچا ہو۔ اگر یہ لکیریں گھمائی تک پہونچ جائیں اور صاف ہوں تو وہ عقلمند شخص کی علامت ہے۔

تیسری لکیر :- ہونے سے آدمی مالدار، صاحبِ اقبال ہوگا۔

مچھلی کا نشان :- صاحبِ اولاد، دولت مند اور سخاوت اور مروّت کی نشانی ہے۔

آفتاب مہتاب :- کا نشان یا شکل متع و مسدّس و مکان کا نشان ہو تو کسی ملک کا مالک ضرور ہوئے۔

انگلیوں میں سنکھ چکر :- ایک میں ہو تو راحت ہے، اور اگر دو میں ہو تو دربار میں عزّت ملے۔ اگر تین میں ہو تو دولت مند ہو۔ اگر چار میں ہو تو عالم مفلس ہو اگر پانچ میں ہو تو عورت کا مطیع رہے۔



نیا اور عمدہ فالنامہ بوقت دیکھنے فال کے اپنا مقصد بتاتا ہے

فال دیکھنے کی ترکیب :- آپ ہندو ہوں یا مسلمان یا اور جو مذہب

آپ کا ہے بوقت دیکھنے فال کے خدا کی طرف اپنے خیال کو یکسو کیجئے۔ اور کوئی اپنے مذہب کی بزرگ چیز پڑھ کر جو مطلب ہو اس کو دل میں کہہ کر ذیل میں لکھے ہوئے ہندسوں میں سے کسی ہندسہ پر انگشت شہادت رکھئے اور جس نمبر پر آپ کی انگشت شہادت پڑے اس نمبر کا مضمون پڑھئے، اپنے سوال کا جواب پائیں گے یا ضمیر سے جواب سمجھئے۔ بعد فال دیکھنے کے جس مقام پر فالنامہ تل بتائے اپنے جسم پر اس کو دیکھ لیجئے۔ تاکہ آپ کو اپنے سوال کے جواب کا پورا یقین ہو جائے۔ واللہ اعلم۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶
۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸

۱۔ جو کچھ کہ مقصد رکھتا ہے، بر آئے گا اور جو کچھ ہاتھ میں آئے گا اور روزگار وسیلہ کسی شخص موافقت دار کے ہو جائے گا۔ اگر یقین نہ ہو تو اوپر منہ کے تل ہے۔

۲۔ اس فال سے مقصد حصول ہوں۔ خوشی کے بھادوں آویں گے لڑکا بھی جلد پیدا ہوگا اور روزگار بہتر ہو جائے گا، عبادت الٰہی کر۔ اگر یقین نہ ہو تو کان پر تل ہے۔

۳۔ بھائی بہن اور لڑکوں سے خوشی حاصل ہو کچھ زمین سے پاوے گا اور دن خوشی کے کنوار سے آویں گے۔ اگر یقین نہ ہو تو اوپر بھوؤں کے تل ہے۔

۴۔ اس فال سے ظاہر ہے کہ مطلب حاصل ہرگز نہ ہوگا ناحق بات کھوتا ہے تو دشمن کے کہنے پر خیال مت کر کہ وہ تجھ پر غالب ہے، اگر یقین نہ ہو تو پہلو پر تل ہے۔

۵۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ روزگار پچھم یا دکن سے تھوڑے عرصے میں ظاہر ہوگا۔ اور مطلب حسب کہنے تیرے کے عنایت ایزدی سے جلد ہوگا۔ اور نیک دن آئے اگر یقین نہ ہو تو ہتھیلی یا پسلی پر تل ہے۔

Scanned by CamScanner

۶۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ لڑکا تھوڑے دنوں میں پیدا ہوگا اور روزگار حسب دلخواہ و ارادہ دلی حاصل ہوگا۔ اور کسی سے لڑائی ہوگی۔ اگر یقین نہ ہو تو ہاتھ پر تل ہے۔

۷۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ کچھ زمین سے پاوے گا۔ اور عورت بھی سزاوار اور نیک طالع شیریں سخن طرف پورب واتر سے ملے۔ ارادہ دلی حاصل ہوگا۔ اگر یقین نہ ہو تو شکم پر تل ہے۔

۸۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ مطلب تیرا حل نہ ہوگا اور دن گردش کے ہیں جو کام کریگا نقصان پاوے گا۔ اور دن خوشی کے کاٹنے میں آویں گے۔ اگر یقین نہ ہو تو زانو پر تل ہے۔

۹۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ لڑکا پیدا ہوگا۔ اور روزگار ہو جائے۔ مطلب حاصل ہو دشمن سے خبردار ہو مگر ہراساں مت ہو اگر یقین نہ ہو تو پیروں پر تل ہے۔

۱۰۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ جو کچھ چاہتا ہے۔ حاصل ہوگا۔ دل تیرا خوشی چاہتا ہے ماہ اساڑھ میں یا ماگھ میں خوشی تجھ کو اس قدر ہوگی کہ جامہ سے باہر آوے گا۔ اگر یقین نہ ہو تو سینہ پر تل ہے۔

۱۱۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ دولت ہاتھ آئے گی۔ اور طرح طرح کی خوشی دیکھے گا اگر یقین نہ ہو تو رخسار پر تل ہے۔

۱۲۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ جو کچھ مطلب دل میں ہے خلاف عقل ہے ہرگز کبھی نہ ہوگا اس واسطے ایام گردش و نحوست کے ہیں مگر بعد ان ایام کے چیت سے ایام نحوست مذکورہ بالا مبدل ہوں گے۔ اگر یقین نہ ہو تو منہ پر تل ہے۔

۱۳۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ مطلب تیرا کلیہ ہے۔ اور رنج و طوفان میں گرفتار ہے عبادت الٰہی کر تو جلد خلاصی ہوگی۔ اگر یقین نہ ہو تو قضیب یا بیضہ پر تل ہے۔

۱۴۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ لڑکا پیدا ہوگا۔ عورت سزاوار اور نیک طالع جنوب مغرب سے ملے اور روزگار بھی چند ماہ میں۔ اگر یقین نہ ہو تو پشت پر تل ہے۔

Scanned by CamScanner

۱۵۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ مطلب تیرا حاصل ہوا ور روزگار وسیلہ کسی موافقت کے چند روز میں طرف مغرب یا مشرق کے ہوگا اور لڑکا بھی پیدا ہوگا۔ اگر یقین نہ ہو تو کمر پہ تل ہے۔

۱۶۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ سرگردانی حاصل ہے اور کچھ حاصل نہیں ہے ارادہ روزگار کا دل میں رکھتا ہے تو ہرگز تیس برس تک نہیں ہوگا چاہے دل اٹھا اپنے مقسوم پہ ہاتھ مار۔ اگر یقین نہ ہو تو کمر پہ تل ہے۔

۱۷۔ اس فال سے معلوم ہوا کہ جو کچھ چاہتا ہے حاصل ہوگا۔ اور خوشی ماہ اساڑھ یا پھاگن میں اس قدر ہوگی کہ جامہ سے باہر آوے گا۔ اگر یقین نہ ہو تو ناف پہ تل ہے۔

۱۸۔ اس فال سے معلوم کر کہ فرزند پیدا ہوگا اور عورت موافق شوق کے حاصل ہو اور روزگار چند روز میں بعد عرصہ دو ماہ کے ملک مغرب میں ہوگا۔ اگر یقین نہ ہو تو منہ پہ تل ہے۔

سیّاروں کی جسامت ان کے فاصلے اور رفتار جو علم مثلّث کے دلائل سے ثابت ہوئے ہیں

سورج کی روشنی ذاتی ہے باقی مندرجہ ذیل ستارے اس سے روشن ہیں یعنی اس کے بال بچے ہیں۔ سورج کے علاوہ جو آسمان پر لاکھوں تارے دکھائی دیتے ہیں ان میں سے ہر ایک بجائے خود سورج ہے جو بے انتہا فاصلے کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دکھائی دیتے ہیں جن کے اوپر سکیڑوں دنیائیں آباد ہیں۔

سورج:۔ آفتاب جس سے دوسرے سیارے اور ان کے رہنے والے روشنی اور پرورش پاتے ہیں۔ چوتھے آسمان کا مالک زمین سے نو کروڑ ستائیس لاکھ میل کے

فاصلے پر ہے، بارہ لاکھ زمینوں کے برابر ہے۔ اس کا قطر ۸ لاکھ ۲۵ ہزار میل ہے۔ مندرجہ ذیل تمام سیاروں سے ساڑھے سات گنا زیادہ وزنی ہے۔ اس کا محیط ۲۷ لاکھ ۱۸ ہزار ایک سو ۴۲ (بیالیس) میل ہے۔ ایک سیکنڈ میں ۱۹ میل اپنی سابق جگہ سے سرکتا ہے۔ اس کی روشنی ۸ سیکنڈ میں زمین پر پہونچتی ہے۔

عطارد:۔ (بدھ) سورج کا منشی فاصلہ زمین سے دس کروڑ میل سورج سے تین کروڑ ۵۹ لاکھ میل ہے قطر ۲ ہزار ۹ سو ۹۲ میل ہے محیط ۹۴۰۳ جسم زمین سے ۲۵ گنا کہ وزنی۔ رفتار فی سیکنڈ ۳ میل ۸۷ دن میں سورج کے گرد دورہ پورا کر کے اس پر ایک سال پورا ہو جاتا ہے۔ سب سے زیادہ سورج کے قریب دوسرے آسمان کا مالک ہے سورج کے قریب کی وجہ سے بعض وقت صبح اور بعض وقت شام کو منگل سے نظر آتا ہے، زمین سے بہت چھوٹا ہے ۲۴ گھنٹے ۵ منٹ میں اس پر رات اور دن کی پلٹی ہوتی ہے۔

زہرہ (شکر) اس کا فاصلہ سورج سے ۶ کروڑ ۷ لاکھ میل ہے زمین سے ۱۶ کروڑ ۸۰ لاکھ میل۔ بعض وقت دورہ کرتا ہوا ۱۴ کروڑ میل کے فاصلے پر قریب آجاتا ہے قطر ۷ ہزار ۶ سو ۶۰ میل اور محیط ۲۴ ہزار ۷۰ میل زمین سے قدرے چھوٹا ہے بعض موسم میں صبح اور بعض میں شام کو سب سے زیادہ چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ ۲۲۴۷۰ دن میں سورج کے گرد گھوم کر اس کا سال پورا ہو جاتا ہے۔ زمین دھما کے رہنے کی جگہ سورج سے ۹ کروڑ ۳۰ لاکھ میل کے فاصلے پر ہے۔ قطر ۷ ہزار ۹ سو ۸ میل ہے۔ محیط ۲۵ ہزار ایک سو ۳۰ میل ہے۔ ۳۶۵۱۲۶ دن میں اس پر سال پورا ہوتا ہے۔ زہرہ، عطارد اور مریخ سے بڑی ہے ۲۴ گھنٹے میں اس پر رات اور دن پورے ہوتے ہیں۔

مریخ:۔ (منگل) "جلادِ فلک" سرخ رنگ چمکدار، پانچویں آسمان کا مالک سورج سے ۱۴ کروڑ دس لاکھ میل کے فاصلے پر ہے۔ زمین سے ۲۰ کروڑ میل کے فاصلے پر ہے اور بعض

وقت گرتا ہوا زمین کے قریب ۳ کروڑ ۵۰ لاکھ میل کے فاصلے پر آجاتا ہے اور تب امریکہ اور یورپ کے لوگ جنھوں نے سیاروں کے فاصلے دریافت کرلئے ہیں اس رہنے والوں سے بات چیت کی کوشش کرتے ہیں۔ قطر ۴ ہزار ۲۰۰ میل اور محیط ۱۳ ہزار دو سو میل ۲۵۶ دن میں اس پر سال پورا ہوتا ہے۔ ۲۴ گھنٹے ۲۷ منٹ ۳ سکنڈ میں اس پر رات دن کی پلٹی ہوتی ہے۔

مشتری :- (برہسپت) چھٹے آسمان کا مالک اس کا فاصلہ سورج سے ۴۸ کروڑ ۲۰ لاکھ میل ہے قطر ۸۵ ہزار میل محیط ۲ لاکھ اور ۶۷ ہزار ۱۰۰ ۳۱ ۴ میل سورج کے سوا سب سیاروں سے بڑا ہے۔ زمین سے ۳۵ کروڑ ۵ ہزار میل کے فاصلہ پر ہے ۹ گھنٹے ۵۵ منٹ میں اس پر رات اور دن کی پلٹی ہوتی ہے۔ رفتار فی گھنٹہ ایک لاکھ میل یعنی ۴ ہزار ۲ سو ۳۲ دن میں سورج کے گرد گھوم کر ایک سال پورا کرلیتا ہے یعنی زمین کے ۱۲ سال کے ایک سال کے برابر ہوتے ہیں۔

زحل (سنیچر) ساتویں آسمان کا مالک فاصلہ سورج سے ۸۸ کروڑ ۴۰ لاکھ میل، زمین سے ۹۸ کروڑ میل ہے قطر ۷۱ ہزار میل ہے محیط ۲ لاکھ ۳۲ ہزار ایک سو ۴۳ میل، ۳۰ سال میں سورج کے گرد گھوم کر اپنا سال پورا کرتا ہے۔ یعنی زمین کے ۳۰ سال اس کے ایک سال کے برابر ہوتے ہیں ۱۰ گھنٹے ۹ منٹ میں اس پر رات دن کی پلٹی ہوتی ہے۔

چاند :- اس کا فاصلہ زمین سے ۲۴ ہزار میل ہے قطر ۲ ہزار ایک سو میل محیط ۶ ہزار ۶ سو میل۔ ایک مہینے میں زمین کے گرد دورہ پورا کرلیتا ہے۔ زمین کی طرف ہر وقت اس کا رُخ رہتا ہے۔

اب جو حال میں دو سیارے دریافت ہوئے ہیں۔ یورنس کا فاصلہ سورج سے ایک ارب ۷۱ کروڑ میل۔ پچون کا فاصلہ ۲ ارب ۷۱ کروڑ میل ہے۔

(سیارے کا نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

Scanned by CamScanner

سیّاروں کی جسامت کا آپس میں مقابلہ



عطارد
مریخ
زہرہ
زمین

ہر سیارے سے باعتبار فاصلہ جو اس کو سورج سے حاصل ہے سورج کتنا بڑا نظر آتا ہے۔



پنچون سے یورے
نیس سے زحل
سے مشتری سے

عطارد
سے
زہرہ
سے
زمین
سے
مریخ
سے

Scanned by CamScanner

فالنامہ رمل

مندرجہ ذیل فالنامہ رمل علم سے متعلق ہے۔ جو اکثر بزرگانِ دین کے عمل میں رہا ہے اور اس کے لئے اکثر عاملین نے اپنی بیاضوں میں اس کے صحیح ہونے کی نہایت معتبر الفاظ میں تصدیق کی ہے۔

کمترین مولف کتاب نے بھی اکثر اس سے ضرورتمندوں کو مستفید کیا ہے۔

طریقہ:۔ صبح کے وقت باطہارت باعتقادِ کامل تین تین مرتبہ سورۃ الحمد شریف اور قل ہو اللہ شریف اور الم نشرح شریف پڑھ کر اپنے مقصد کو دل میں لے کر آنکھیں بند کر کے انگشت شہادت نقشہ ذیل پر رکھیں جس خانے پر انگشت ہو اس کی عبارت فال کا جواب ہوگی۔

اگر انگشتِ شہادت کسی گوشے پر آئے۔ اور شبہ ہو کہ کس خانے میں اس کا جواب حاصل کیا جائے تو ایسی حالت میں دوسری مرتبہ پھر عمل کر لیا جائے تاکہ شبہ نہ رہے جب انگشت واضح طور پر کسی خانہ پر آجائے تب اسی علامت کو تلاش کر کے جواب حاصل کیا جائے نقش معظم یہ ہے

۸	۱۱	۴	۱
۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خانہ اوّل لیمان

اے صاحبِ فال یہ فال تیری نہایت مبارک ہے۔ سفر کرنے سے دولت مرتبہ

وعزت پائے۔ اور جو تیری مراد ہے۔ سو اللہ تعالےٰ جلد بر لائے گا۔ فرزند یا شخص غائب سے ملاقات ہو۔ سردار یا رئیس جو پورب کی جانب رہتے ہیں۔ ان سے مفاد ہو۔ تجھے چاہیئے کہ اسم مبارک یَا اَللّٰہُ بعد نماز عشا چالیس روز تک بارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر اس نقش کو لکھ کر چالیس مرتبہ ہر روز آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں بہا دے۔ نقش ہر روز نہ ڈال سکے تو ایک ہفتے کے جمع کر کے ڈالتا رہے۔

انشاء اللہ تعالےٰ اس مدت میں کوئی مشکل باقی نہ رہے گی خدائے تعالےٰ اپنا کرم فرمائے گا۔ نقش مکرّم و معظّم حسب ذیل ہے۔

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

شکل دوم قبض الداخل ═ ∴

اے صاحب فال جو تدبیر کرتا ہے نہایت مبارک ہے کام تیرا بخوبی سرانجام پائیگا سفر تیرے لئے پورب کی طرف اچھا ہوگا۔ اور حیوانات کی تجارت سے فائدہ ہوگا۔ ڈیڑھ ماہ میں تجارت کامیاب ہوگی۔ مگر تجھ کو چاہیئے کہ اسم اعظم یَا عَزِیْزُ کی دعوت دے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس دن تک ـــــ اسم پاک یَا عَزِیْزُ کو تین ہزار ایک سو چالیس مرتبہ روزانہ اوّل و آخر سو مرتبہ درود شریف پڑھ اور یہ نقش پچاس مرتبہ روزانہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال۔ وہ نقش یہ ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

Scanned by CamScanner

۸ ۲۱۲	۱۲ ۲۱۲	۱۴ ۲۱۲	۱ ۲۱۲
۲۱۲	۲۱۲	۲۱۲	۱۲ ۲۱۲
۳ ۲۱۲	۲۱۲	۹ ۲۱۲	۶ ۲۱۲
۱۰ ۲۱۲	۵ ۲۱۲	۱۴ ۲۱۲	۱۵ ۲۱۲
بحقِ یا عزیزُ			

خانۂ سوم قبض الخارج

اے صاحب فال یہ فال نہایت نحس ہے جو ارادہ رکھتا ہے اچھا نہیں ہے آجکل دشمنوں سے بچنا چاہیے۔ سفر بھی اچھا ثابت نہ ہوگا۔ کسی مصیبت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر ہو سکے تو منگل کو کچھ خیرات کیا کر اور درود شریف کثرت سے پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا کر کہ اللہ نحوست کو دور کرے۔

چہارم خانہ جماعت

اے صاحب فال یہ اوسط درجہ کی ہے بعض کاموں میں اچھی ہے اور بعض میں بری ہے۔ اس لئے ہر کام ہوشیاری سے کر۔ جو کام قبضہ سے نکل گیا ہے۔ اسکی کوشش فضول ہے۔ البتہ بیمار کو جان کا خوف ہے۔ اگر سفر کرے تو اچھا نہ ہوگا۔ قیدی عرصہ دراز تک مقید رہے گا۔ ایک ماہ کا عرصہ سخت ہے۔ تجھ کو چاہیے کہ اس مدت میں اسم یا حنانُ روزانہ ایک سو پچیس ۱۲۵ مرتبہ پڑھا کرو۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بھی پڑھا اور اس نقش کو روزانہ لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈال۔

نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۸۹	۱
۸۸	۲	۷	۱۲
۳	۹۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۹۰
	بحقِ یا حنانُ		

Scanned by CamScanner

خانہ پنجم

اے صاحب فال یہ مبارک فال ہے جو تیری مُراد ہے وہ حاصل ہوگی۔ اور بہت اچھی خبر سُنے گا۔ مکان یا عمدہ چیز ملے گی۔ معشوق اور فرزند سے ملاقات ہوگی۔ اسم یَا وَدُوْدُ ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھا کر اور یہ مندرجہ ذیل نقش بہ تعویذ بیس (۲۰) ہر روز لکھ کر اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال ۔ بعد چالیس یوم کے غیب سے مدد ہوگی۔

نقش یہ ہے

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

بحقّ یَا وَدُوْدُ

خانہ ششم عقد

اے صاحبِ فال یہ فال اچھی نہیں غالباً تیری بیماری کا خطرہ ہے صدقہ دینا بہتر ہے۔ تیرا چور بھاگا یا چوری گیا ہو تو حاضر ہو۔ سفر سے مسافر دیر سے آئے۔ مگر بہ سلامتی آئے۔ اور ڈھائی ماہ کے عرصہ میں تیری مراد حاصل ہوگی چاہیے کہ بوقتِ شب پانی یا چاہ کے کنارے غسل کرے، اچھے کپڑے پہنے عطر لگائے اور اسم شریف یَا وَھَّابُ ہزار مرتبہ معہ درود شریف سو سو مرتبہ اوّل و آخر پڑھ کر یا صبح کو بعد نمازِ فجر چوراسی مرتبہ اس نقش کو زعفران اور چوبِ انار کے قلم سے لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال۔ بعد

چالیس دن کے دیکھ اللہ پاک اپنی قدرت سے کیا دکھاتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۶	۱	۷
۶	۵	۳
۲	۸	۴
	بحق یا وہاب	

خانۂ ہفتم انکیر

اے صاحبِ فال اگر تیری نیت بیمار کے اچھا ہونے کی ہے تو اچھا مشکل سے ہوگا۔ اور قیدی عرصۂ دراز تک گرفتار، البتہ نکاح کرنا اچھا ہے، گمشدہ چیز دستیاب ہوگی۔ راتوں کو بازار یا کوچے میں تنہا نہ پھرنا چاہیے۔ نقصان کا خوف ہے۔ خصوصاً سہ شنبہ و چہار شنبہ کو احتیاط ضروری ہے، غائب شدہ ہے تو زندہ مگر سخت پریشان ہے۔ تجھ کو چاہیے کہ اسمِ پاک یَا عَزِیزُ ۲۱۲۵ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ چالیس روز برابر پڑھ اور اس نقش کو سترہ بار روزانہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال سب کام انشاء اللہ تعالےٰ بہتر ہو جائیں گے۔ نقش معظّم یہ ہے۔

۴۰	۳۵	۴۲
۴۱	۳۹	۳۷
۳۶	۴۳	۳۸
	بحق یا عزیزُ	

Scanned by CamScanner

خانۂ ہشتم حمرہ

اے صاحب فال یہ فال بہت نحس ہے دشمن سے جھگڑے کا خوف ہے ان دنوں احتیاط لازم ہے۔ غائب شخص سلامتی سے ملے کچھ مال کا نقصان ہوگا۔ پندرہ دن سخت ہیں۔

اگر اسم شریف یَا حَیُّ ۳۱۲۵ مرتبہ مع درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ دریا میں کھڑے ہوکر پڑھے تو خوب ہے اگر دریا فاصلے سے ہو۔ تو چاہیے کہ تنہا جگہ بیٹھ کر کسی چیز میں پانی رکھ کر اس پانی کو دریا تصور کر کے یہ اسم شریف تلاوت کرے اور ہر ہزار کے بعد اپنے دونوں ہاتھ اس پانی میں ڈبو کر منہ پر مل لیا کرے۔ یہ نقش اٹھارہ مرتبہ روزانہ لکھ کر دریا میں ڈال دیا کرے۔

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵
	بحق یا حیّ	

خانۂ نہم بیاض

اے صاحبِ فال یہ فال نیک ہے جس مقام سے تجھے امید ہے کامیاب ہو۔ ہر ایک مشکل آسان ہو۔ شخص غائب جلد ہی واپس آئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دس دن میں مراد پوری ہوگی۔ البتہ کسی شئے کی خرید یا فروخت نقصان دہ ہے۔ تیرے لئے اچھا ہو کہ اسم یَا قَیُّوْمُ ہر روز ۳۱۲۵ مرتبہ تلاوت کرے

اس طرح کہ مکان تنہا یا مسجد میں بیٹھ کر اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور یہ نقش لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈال دیا کر۔ بہت ہی نفع ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶	۵۱
	بحقّ یا قیّومُ	

خانہ دہم نعرۃ الخارج

اے صاحبِ فال یہ فال نہایت مبارک ہے۔ کوئی بزرگ کرنا، نکاح کرنا خوب ہے۔ اگر نیت نسبت حاملہ کے ہے تو اس کے فرزند نرینہ پیدا ہو۔ بیمار کو صحت ہو، مسافر سلامتی سے آئے، تمام مقصد حاصل ہوں، حاکموں سے فائدہ ہو، شرکت تجارت ہو تو منفعت ہو۔ اگر کوئی مشکل درپیش ہو تو اسم یا سُلطانُ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے اور یہ نقش ایک سو پچیس بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ وہ نقش یہ ہے.....

۵۵	۵۰	۵۷
۵۶	۵۴	۵۲
۵۱	۵۸	۵۳
	بحق یا سلطان	

خانہ یازدہم نصرۃ الداخل

اے صاحبِ فال یہ فال بہت مبارک ہے خرید و فروخت اور سفر نیک ہو۔ کل مقصد تیرے پورے ہوں گے۔ دوستوں کے پاس سے خوشی کی خبر آئے۔

Scanned by CamScanner

اور کسی قدیم دوست سے ملاقات ہو۔ تمام مشکلیں آسان ہوں۔ اگر کوئی ضرورت درپیش ہو تو اسم شریف یَا مَنَّانُ ۳۱۲۵ مرتبہ مع درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار پڑھا کرے۔ اور یہ نقش ایک سو اکتالیس ۱۴۱ مرتبہ لکھ کر دریا میں ڈالے۔.....

۸	۱۱	۱۲۱	۱
۱۳۰	۲	۷	۱۲
۳	۱۲۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۲۲

خانہ دوازدہم علیتہ الخارج :

اے صاحب فال یہ فال نحس ہے مگر بعض امور میں سعد ہے مثلاً فروخت کرنا چار پایے کا اور دفع کرنا دشمن کا۔ اگر واسطے قیدی کے نیت ہے تو اس کی رہائی بدشواری ہوگی۔ دشمنوں سے خوف و خطر ہے۔

واسطے حل مشکل و رہائی قیدی کے اسم شریف یَا فَتَّاحُ ۳۱۲۵ بار بوقت صبح صادق کے یا نماز تہجد کے بعد مکان یا مسجد میں پڑھے درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھے۔ چالیس دن میں یہ نقش چار سو نواسی بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔

۱۶۴	۱۵۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۷	۱۶۲
	بحق یا فتاح	

خانہ سیزدہم نقی :

اے صاحب فال یہ فال بعض کام کے لیے اچھی ہے بعض کے لیے یہ دن نحس ہے۔ بیمار و قیدی نجات پائے۔ صحت یاب ہو۔ اور مسافر سفر میں

تکلیف پائے۔ مگر بہ سلامتی واپس ہو۔ مقدمہ میں کامیابی ہو برائے حلِ مشکلات

۸	۱۱	۱۱۱	۱
۱۱۵	۲	۷	۱۲
۳	۱۱۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۱۲

بحق یا سلام

اسم شریف یَا سَلَامُ بارہ ہزار بارمع درود شریف گیارہ گیارہ بار اوّل وآخر تا حصول مراد پڑھتا رہے اس نقش کو ۱۲۱ مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ نقش یہ ہے....

خانۂ چہاردہم علیۃ الدّاخل

اے صاحبِ فال یہ نہایت مُبارک فال ہے حصولِ مال وجاہ واقبال کے اور رنج وغم سے نجات پائے۔ نکاح کرنا مبارک ہے۔ شخص غائب سے خوشی کی خبر سُنے اور جس کام کا اندیشہ ہے وہ بہ آسانی حاصل ہو۔ حاملہ کو کچھ تکلیف ہو۔ مگر انجام بخیر ہو۔

۸	۱۱	۳۲۱	۱
۳۲۰	۲	۷	۱۲
۳	۳۲۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۳۲۲

حصول مراد کیلئے یہ اسم یَا نَاصِرُ ۳۴۱۰ بار پڑھے اور تین روز میں ۳۴۱ نقش لکھ کر دریا میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد مراد حاصل ہوگی۔

خانۂ پانزدہم اجماع

اے صاحبِ فال بعض امور کو نیک اور بعض کو نحس ہے انجام وحصول مراد کو توقف ہو۔ خرید وفروخت وکاروبار میں نفع ہو نکاح کرنا بھی خوب ہے۔ مسافر خوب آئے۔ مریض کو دیر سے صحت ہو۔ حاکم کی طرف سے امید حصولِ

مال کی ہے بعد عرصہ ایک ماہ مراد حاصل ہے اور واسطے حل مشکلات وحصول مراد کے لیے اسم مبارک یَارَیَّانُ ۳۱۲۵ بار مع درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور یہ نقش پچیس لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کرے اعتقادِ کامل رکھے انشاء اللہ تعالےٰ ہر ایک مراد پوری ہوگی۔ نقش یہ ہے ...

۸	۱۱	۴۵	۱
۱۴	۲	۷	۲
۳	۴۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۶
	بحقِّ یَارَیَّانُ		

خانہ شانزدہم

اے صاحبِ فال یہ نہایت مبارک فال ہے۔ کام کے واسطے خصوصاً دولت حاصل ہو۔ انجام کام کا نیک ہو واسطے حصول وحل مشکل کے لیے اسم شریف یَارَحْمٰنُ ۳۱۲۵ مرتبہ مع درود شریف سو سو مرتبہ ایک چلّہ تک پڑھیں مراد حاصل ہو اور دو سو ننانوے (۲۹۹) نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ نقش یہ ہے .....

۴۰	۱	۲	۲۰۰
۱	۵۰	۸	۸
۵۰	۴۰	۱	۵۰
۱	۸	۲۰۰	۱
	بحقِّ یَارَحْمٰنُ		

فالنامہ سیّارگان

مندرجہ ذیل فالنامہ بھی نہایت معتبر اور مستند ہے اور سہل بھی عام ضرورت مندوں کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ جواب بالکل صاف اور واضح ملتا ہے۔

طریقہ:۔ سورہ الحمد شریف ایک بار سورۂ اخلاص تین بار آیۃ الکرسی

شریف تین بار پڑھ کر سرکارِ دوعالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح پرفتوح پر ایصال کرے۔ اس کے بعد آنکھیں بند کر کے اپنے مقصد کو دل میں لے کر اس نقشہ پر انگشتِ شہادت رکھیں۔ اور جواب مندرجہ ذیل سے حاصل کریں۔

نقشہ سیّارگان

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

زحل

زحل پر گر پڑے انگشت فی الحال — تو سُن لے طالع اختر کا احوال
کوئی تیرا مخالف ہے سیہ رو — خبر اس کی تجھے ہو یا نہیں ہو
مکدر طبع بھی رہتی ہے گاہے — وہ کم ہاتھ آئے جس کو تو چاہے
مقرر جی بھی گھبراتا ہے اکثر — کہیں جانے کا دھیان آتا ہے اکثر
تو جس کا دوست بھی ہو وہ ہے بیہات — کرے ہے دشمنی کی تجھ سے کچھ بات
کسی نے کر کے کچھ اقرار تجھ سے — کیا ایفا نہ وعدہ یار تجھ سے
رہے گا چند روز احوال اس طور — پھر اس کے بعد ہوگا نقشہ کچھ اور
کہ یعنی ہاتھ آئے گی کچھ دولت — مرض ہو کچھ تو ہوگی اس سے صحت

تلاش نوکری میں گر ہے حیراں — توقف سے تیرا دل ہوگا شاداں
کسی سے گر ہوئی ہے کچھ لڑائی — بمہلت صاف ہو جائے صفائی
اگر ہے خواہش محبوب و فرزند — بدیر اس سے تیرا دل ہوگا خرسند
غرض اس سے ہراساں ہو نہ اب کچھ — ٹک اک عرصہ میں ہاتھ آئیگا سب کچھ

بروز شنبہ دے تو تیل اور ماش
تصدق اپنے اوپر کر کے خوش باش

مشتری

پڑے گر مشتری پر تیری انگشت — تو زر آئے گا تیرے ہاتھ یک مشت
یقیں ہے اب کہ گذرینگے خوش اوقات — کسی اہل دل سے ہو ملاقات
جو بچھڑا دوست ہو مدت سے تیرا — مقرر وہ کرے گا گھر میں پھیرا
الم جو کچھ ہے وہ جاتا رہے گا — نہ رنج تنگدستی تو سہے گا
اگر اولاد کی ہووے تمنا — پسر ہوئے سعادت مند پیدا
یقیں ہے ہاتھ آئے گا مقرر — لباس زعفرانی یا کہ پُر زر
غم دوری ہے یا ہے اور کچھ غم — تو پھر کچھ غم نہ کھا ہوئے گا خرم
اگرچہ ہوگی اب کچھ شے تری گم — پکڑ آئیں گے وہ سب دردمردم
اگر جھگڑا کچھ آپس میں ہوا ہے — تو ہوگی صلح تجھ کو خوف کیا ہے
پیادہ پا سے ہے گر بے قراری — تو پھر آئے گی ہاتھ اچھی سواری

بروز پنج شنبہ صدقہ کر کے
چنے کی دال تو اور چوب زرد ے

مریخ

اگر انگشت تیری تا بیک دو — سوئے مریخ آئے چوں مہ نو
بدن میں بھی رہے گی گرمی اکثر — عدو خونخوار ہے کوئی مقرر
نخوست رکھتے ہیں از بسکہ ایام — بگڑ جاتا ہے ہوتے ہوتے ہر کام
درون سینہ دل رہتا ہے بیتاب — بوضع دائم اب ہے کم خور و خواب
اک اندیشہ ہے دل کو تیرے دن رات — غرض ہے نادرستی اب تو اوقات

کسی سے دل بھی چاہے گا کہ لڑیئے — نہیں کوئی تو آپ سے بگڑیئے
لباس سرخ سے دل ہوگا خوش حال — بہ قسم فاختہ یا اور کچھ لال
مگر چندے ابھی تشویش سی ہے — پھر اس کے بعد تجھ کو خوش دلی ہے
نہ تیری جان دکھ پاتی رہے گی — جو کچھ تکلیف ہے جاتی رہے گی

عدس کی دال تو اور گوشت سیندور
دیا منگل کو کرنا ہو نہ رنجور

زہرہ

جو زہرہ پر تیری انگشت پڑ جائے — گیا پردیس میں جو ہو وہ آجائے
سواری کو جو چاہے تیرا جی — ملے گی خنگ گھوڑے کی سواری
اگر کچھ غم ہے تو جا رہے گا! — خوشی کی کوئی بات آکر کہے گا
کسی نقصان سے غمگیں ہے کچھ دل — تو ہوگا نفع افزوں اس سے حاصل
جو ہے امراض سے کچھ دل کو آزار — تو صحت اس سے تو پائے گا اک بار
کوئی خواجہ سرا ہو کہ عورت — کہ ہو وہ یا کوئی امرد کی صورت
مقرر اس سے ہوگا نفع حاصل — کر اب شادی نہ غمگیں اپنا رکھ دل
اگر ذبح گشت تو کچھ بھی کرے گا. — تو پھر دولت سے گھر تیرا بھرے گا
مطالب جو ہیں سب ہو جائیں حاصل — منور ہوگا مقصد سے ترا دل

بروز جمعہ کام اتنا کیا کر
کہ صدقہ مونگ روغن کا دیا کر

شمس

پڑے اب شمس پر گر تیری انگشت — ہراساں ہو نہ ہر دانتوں میں انگشت
کہ سلطان الکواکب ہے یہ خورشید — خدا چاہے تو بر آوے ہر امید
مگر شدت پہ جس دم آئے ہے یہ — نحوست کام میں کر جائے ہے یہ
تعلق گر طبیعت کو کہیں ہو! — تو معشوق اپنا اکثر خشم گیں ہو
کہیں سے خوش دلی کا آئے پیغام — جو بگڑے ہوں سنور جائیں وہ ایام
مخالف یا کہ مفلس یا کہ آزار! — خدا چاہے تو ہوں سب دفع ایک بار
جواہر پا کے بھی دل ہووے شاداں — بہ قسم لعل و یاقوت و مرجاں

لڑے کوئی زراہِ تند خوئی — تو اس پر فتح ہو یا سُرخروئی
پسر کی دل میں کچھ خواہش اگر ہو — تو فخر خاندان پیدا پسر ہو
جو آپس میں ہوئی ہووے لڑائی — بمہلت صاف ہو جائے صفائی
یہ سُن کر روز یک شنبہ منگا کر — گیہوں اور دودھ کو صدقہ دیا کر

عطارد

عطارد پر پڑے گر تیری انگشت — درِ علم آئے تیرے ہاتھ یک مشت
مگر اب بھی توقف سے ہے ہر کام — درستی پر بمہلت ہووے ایام
تپش ہو دل کو جس رشکِ پری جن — تو ہووے وصل اس سے اک نہ ایکدن
اگر آزار ہے تو غم نہ کھا تو — کہ ہووے اس سے صحّت کر دوا تو
اگرچہ روز ہیں از بسکہ یہ سخت — ولے ہوئے گا رخشاں کوکبِ بخت
کہ تجھ پر مرد قابل مہرباں ہو — کہ جس کے گھر میں دولت بھی عیاں ہو
بلا کر ہاتھ وہ پکڑے گا تیرا — غلط سمجھو نہ تم کہنا یہ میرا
اگر ہے خواہش محبوب تجھ کو! — ملے گا وہ بہر اسلوب تجھ کو
جو کچھ ہے تیرے دل میں اور مطلب — توقف سے وہ حاصل ہوئیں گے سب
دیا کر فاختائی پارچہ اور!! — بروز چہار شنبہ مونگ فی الفور

قمر

قمر پر گر تری انگشت آئے — تو تجھ کو عیش اور عشرت دکھائے
سریع السیر ہے از بس یہ تارا! — بزودی کام دل ہو آشکارا
نصیبوں میں ہو پھر یک بار گا امارت — تعجب کیا کہ ہوئے گر وزارت
مخالف جلد ہو گا دفع تیرا — رہے گا وہ نہ ہے جس غم نے گھیرا
کسی درویش کا شاید ہو آنا — بتا دے وہ تجھے چاندی بنانا
کرے نزلہ اگر بے تاب تجھ کو! — بجا ہے احتیاطِ آب تجھ کو
کرے سودا اگر تو نفع ہووے — مگر دریا میں گر کچھ تو بھی کھووے
اگرچہ آج کل دل کو نہیں کل — ولے کل ہو گی تجھ کو آج ہی کل
اگر ہے آرزو فرزند ہو گا — تو اس فرزند سے خرسند ہو گا
ملے گی مہ لقا محبوب کوئی!! — کہے تو جس کو ہے یہ خوب کوئی!
یہ سُن لے تو دوشنبہ کو منگا کر — برنج اور کوڑیاں صدقہ دیا کر (ختم شد)

عملیات کی کتب

- اعمالِ قرآنی
- اسمِ اعظم
- عملیاتِ اولیاء
- عملیاتِ تسخیرِ جنّات
- عملیاتِ محبّت
- عملیاتِ تسخیرِ دل
- عملیاتِ عرفانی
- نقشِ معظم
- نقشِ سلیمانی
- عملیاتِ تسخیرِ ہمزاد



PRICE Rs. 12=00

Scanned by CamScanner